www.AJKOnline.tk

نیا ایڈیشن

معلوماتِ جموں کشمیر

(سوالاً جواباً)

محمد سعید اسعد

معلوماتِ جموں کشمیر

محمد سعید اسعد

NIKS

"معلوماتِ جموں کشمیر" محمد سعید اسعد کی کاوش نہایت کارآمد اور بصیرت افروز ہے۔ کشمیر کے سلسلے میں معلوماتِ عامہ کی ایسی کتاب کی شدت سے ضرورت محسوس کی جا رہی تھی۔ اللہ کا شکر ہے کہ موصوف نے نہایت ہی تندہی سے اس کام کو سرانجام دیا ہے۔ (ڈاکٹر سید محمد یوسف بخاری)

دراصل یہ کتاب ریاست جموں کشمیر کی تاریخی، ادبی، سیاسی، مذہبی، معاشرتی اور تحریکی معلومات کا ایک مرقع ہے۔ میری دانست میں محمد سعید اسعد نے ایک گرانقدر خدمت انجام دی ہے۔ (کلیم اختر)

میں اس کتاب کو محمد سعید اسعد کی طرف سے ایک ایسا قلمی جہاد سمجھتا ہوں جس کی طلباء اور عوام کو سخت ضرورت تھی۔ اس طالب علمی کی عمر میں محمد سعید اسعد نے قوم کو حقائق پر مبنی ایک زریں ورق سے نوازا ہے۔ بے شک یہ ایک جامع، تاریخی اور معلوماتی کتاب ہے۔ (سید عبدالحمید دیوانی)

میں برصغیر پاک و ہند کے تمام طالب علموں اور معلوماتِ عامہ سے دلچسپی رکھنے والے لوگوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ یہ کتاب ضرور پڑھیں اور دوسروں کو پڑھنے کی ترغیب دیں۔ (اشرف قریشی)

تصانیف

- بطلِ حریت اشفاق مجید وانی شہید
- معلوماتِ جموں و کشمیر
- کشمیر، قائداعظم اور کے ایچ خورشید
- غیرتِ کشمیر
- جموں کشمیر بک آف نالج
- شعورِ فردا
- خطباتِ خورشید
- جلال و جمال (کتابچہ)
- کشمیر کی لوک کہانیاں
- منگلا ڈیم۔ خطرناک توسیعی منصوبہ

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

معلوماتِ جمّوں کشمیر

محمد سعید اسعد

ایم اے ۔ اردو

ایم اے ۔ کشمیریات

پنجاب یونیورسٹی

Email:niks.mirpur@gmail.com

The University of Azad Jammu & Kashmir
Institute Of Kashmir Studies
Acc. No. 4167
Dated 9-7-11 Initial

اہتمام اشاعت ۔ڈائمنڈ بک ڈپو بینک روڈ مظفر آباد

05822-442599 , 0345-9585775

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

پیشِ لفظ

ریاست جموں وکشمیر کا پاکستان سے گہرا تعلق ہے۔ اس لیے اس خطۂ ارضی کے بارے معلومات حاصل کرنا ہر پاکستانی کا فرضِ اوّلین ہے۔ بدقسمتی سے آج بھی اہلِ پاکستان کی ایک بڑی تعداد ریاست جموں وکشمیر کے حقیقی حالات وکوائف سے ناواقف ہے یہی وجہ ہے کہ ہمارے ذرائع ابلاغ عامہ بھی ریاست جموں وکشمیر کے شہروں، قصبوں، دریاؤں، جھیلوں اور دیگر تاریخی وجغرافیائی حقائق سے ناآشنا ہیں اور انہیں غلط انداز میں پیش کرتے ہیں۔ برصغیر اور وسطِ ایشیا کے درمیان صدیوں سے آباد ریاست جموں وکشمیر کا اپنا ایک مخصوص تمدنی وتاریخی پس منظر ہے، اور کسی قوم یا ملک کے پس منظر کو جانے بغیر اس کے پیش منظر کو سمجھا نہیں جا سکتا۔

ریاست جموں وکشمیر کی چھ ہزار سالہ پرانی تاریخ کے مطالعہ سے جو تاریخی معلومات حاصل ہوتی ہیں وہ ریاست کی تاریخ کا گرانقدر سرمایہ ہیں۔ کشمیر صدیوں تک ایک آزاد اور خودمختار ملک کی حیثیت سے دنیا کے نقشے پر موجود رہا ہے۔ بدقسمتی سے اس وقت یہ خطۂ ارضی غلامی کے دورِ سیاہ سے گزر رہا ہے۔ لیکن اب غلامی کے یہ سیاہ بادل چھٹتے دکھائی دے رہے ہیں اور انشاءاللہ وہ وقت اب دور نہیں جب کشمیر ایک آزاد اسلامی ریاست کی حیثیت سے دنیا کے نقشے پر ابھرے گا۔

یہ درست ہے کہ کشمیری قوم امتِ مسلمہ کا جزو لاینفک ہے اور ریاست کی ایک بڑی اکثریت دینِ مُبین کے پیروکاروں پر مشتمل ہے اس لیے کشمیری عوام کا یہ مطالبہ دن بدن زور پکڑتا جا رہا ہے کہ انہیں سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حقِ رائے دہی کا موقع دیا جائے تاکہ وہ اپنے مستقبل کا فیصلہ کر سکیں۔ اس لیے اس انتہائی اہم موضوع پر معلوماتِ عامہ جمع کرنا وقت کی اہم ضرورت تھی۔

اس کتاب کے مصنف محمد سعید اسعد نے جو کہ شعبہ کشمیریات کے طالب علم ہیں بڑی عرق ریزی سے ریاست جموں وکشمیر کے حوالے سے بیش بہا معلومات جمع کی ہیں۔ دراصل یہ کتاب ریاست جموں وکشمیر کی تاریخی، ادبی، سیاسی، مذہبی، معاشرتی اور تحریکی معلومات کا ایک مرقع ہے میری دانست میں محمد سعید اسعد نے ایک گرانقدر خدمت انجام دی ہے۔ اس وقت ریاست جموں وکشمیر کے حالات وکوائف سے آگاہی حاصل کرنا ہر پاکستانی اور کشمیری کا بنیادی فرض ہے تاکہ وہ کم ازکم اتنا تو جان سکیں کہ یہ خطۂ ارضی جسے "جنتُ الفردوس" اور "فردوسِ بریں" کہا جاتا ہے حقیقت میں کیا ہے؟

اس کتاب میں ریاست کے کوہساروں، دریاؤں، جھیلوں، شاہراہوں، پھولوں اور پھلوں سے لیکر جغرافیائی محلِ وقوع، تاریخی پس منظر، مذہبی عوامل، علمی وادبی سرمائے، سیاسی تحریکات اور قائدین کے بارے میں معلومات فراہم کی گئی ہیں۔ یہ کتاب بنیادی طور پر ریاست جموں وکشمیر کے حالات سے شناسا کرنے کی ایک کوشش ہے اور مصنف نے بڑی محنت وریاضت سے یہ معلومات جمع کی ہیں دراصل مصنف نے ایک آسان راستہ اختیار کیا ہے تاکہ طفلِ مکتب سے لیکر بڑے بوڑھوں کو آسانی سے ریاست کے حالات کا پتہ چل سکے۔

یہ کتاب جس محنت اور لگن سے تیار کی گئی ہے اس کا اندازہ قارئین کرام بخوبی لگا سکیں گے دراصل یہ کتاب عزیزم محمد سعید اسعد کی وطن دوستی اور ملی محبت کا

www.SyedAliAhmed.tk

نتیجہ ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ جو قوم اپنی تاریخ اور جغرافیہ کو بھول جاتی ہے وہ کبھی منزلِ مراد تک نہیں پہنچ سکتی۔ اس لیے میری نظر میں اس کتاب کو ہر کشمیری اور پاکستانی کے زیرِ مطالعہ ہونا چاہیئے تاکہ اسے ریاست جموں وکشمیر کے بارے ہر قسم کی معلومات حاصل ہو سکیں۔

بہر نوع محمد سعید اسعد کی کاوش ہر اعتبار سے قابلِ تحسین ہے۔

"اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ"

کلیم اختر
استاد شعبہ کشمیریات
پنجاب یونیورسٹی ـــــ لاہور

عرضِ مصنّف

"معلوماتِ جموں وکشمیر" کے عنوان سے میری ایک ادنیٰ سی کاوش کا ثمر آپ کے ہاتھوں میں ہے، کشمیر سٹڈیز کا طالب علم ہونے کے ناطے میری سوچ وفکر اور علمی و ادبی سرگرمیوں کا محور ومرکز ہمیشہ کشمیر ہی رہا ہے۔ میں نے آج تک سیاسی، ادبی تاریخی حوالے سے جو بھی کام کیا ہے پیارے وطن کشمیر ہی کو موضوعِ بحث بنایا ہے۔

اس میں شک نہیں کہ کشمیر کے موضوع پر بہت سا کام ہوا ہے۔ مؤرخین کشمیر میں پنڈت کلہن سے لے کر منشی محمد دین فوق اور پنڈت پریم ناتھ بزاز تک بڑے بڑے صاحب قلم حضرات نے گراں قدر خدمات سرانجام دی ہیں، مذہب اور ادب کے حوالے سے سید علی ہمدانیؒ اور شیخ یعقوب صرفیؒ جیسی نابغۂ روزگار ہستیوں نے ایک دو نہیں بیسیوں تصانیف یادگار چھوڑی ہیں، کشمیری ادب کے میدان میں شیخ نورالدین ولیؒ، للہ عارفہ، حبہ خاتون، محمود گامی، مقبول شاہ کرالہ واری، مہجور اور آزاد جیسی زندہ جاوید ہستیوں نے اَن مِٹ نقوش چھوڑے ہیں۔

کسی بھی قوم کی عظمتِ گم گشتہ کا اندازہ لگانے کے لیے عموماً اس کے علمی و ادبی سرمائے کو دیکھا جاتا ہے جو اسلاف کا چھوڑا ہوا ورثہ ہوتا ہے۔ تاریخ کشمیر بھی ایسے ہی گراں قدر سرمائے سے بھری پڑی ہے۔ تاریخ کشمیر سے دلچسپی رکھنے والے بخوبی جانتے ہیں کہ ماضی میں کشمیر علم وہنر کے میدان میں دنیا کے کسی بھی خطے سے پیچھے نہیں رہا لیکن دکھ اس بات کا ہے کہ کشمیر کا بے شمار علمی و ادبی سرمایہ دستبُردِ

www.AJKOnline.tk

زمانہ کی نذر ہوگیا، بے قدر زمانے نے علم و ادب کے نہ جانے کیسے کیسے فن پارے خاک میں ملا دیے ہوں گے، بہر حال اتنا غنیمت ہے کہ "ابھی تک کچھ نشاں باقی ہیں"۔

کشمیر کے علمی و ادبی سرمائے کو از سرِ نو زندہ کر کے قوم کے سپرد کرنا میری زندگی کا اوّلین نصب العین ہے۔ اس نصب العین کو پا لینے کے لیے میں نے زمانہ طالبعلمی میں کتابی صورت میں یہ پہلا قدم اٹھایا ہے۔ میں نہیں جانتا میرا یہ پہلا قدم حصولِ منزل کیلئے کہاں تک میرا معاون ثابت ہوگا۔ یہ فیصلہ میں آنے والے وقت پر چھوڑتا ہوں۔

میں نے کوئی تاریخ مرتب نہیں کی بلکہ کشمیر کے علمی، ادبی اور تاریخی مواد سے ایک ایسا آئینہ تراشا ہے جس میں جھانک کر کشمیری قوم خود اپنے چہرے کو پہچان سکتی ہے اور وہ لوگ جو کشمیر کو صرف خوبصورت خطہ دیکھنے کے عادی ہیں دورانِ مطالعہ اسے خوب سیرت بھی پائیں گے۔

سال اوّل کے امتحان سے فارغ ہوتے ہی میں نے اس اہم موضوع پہ قلم اٹھایا تھا۔ برادرِ عزیز محمد جمیل اجملؔ کا خلوص بھرا اصرار میرے لیے اس کام کو مختصر سے عرصے میں پایۂ تکمیل تک پہنچانے کا سبب بنا۔ چنانچہ اس عرصے میں میں نے کشمیر کے موضوع پہ اتنی کتابیں چھان ماریں جتنی میں سال بھر بھی نہ پڑھ سکا تھا۔ اب مسودہ تو تیار ہوگیا لیکن اس کی طباعت کا سلسلہ تین ماہ تک التواء میں پڑا رہا! تاہم خدا کا شکر ہے کہ آخر یہ کام پایۂ تکمیل کو پہنچ گیا اس سفر میں مجھے کن کن صبر آزما حالات سے گزرنا پڑا اس کا اندازہ بے سروسامانی کے عالم میں لکھنے کے خوگر اہلِ قلم ہی کو ہو سکتا ہے۔

آخر میں میں اپنے اُن دوستوں کا شکر گزار ہوں جو اس "کارِ آشیاں بندی" میں میرے معاون ثابت ہوئے، اساتذۂ کرام کی بصیرت افروز راہنمائی اور والدین کی نظرِ شفقت مجھے یہاں تک لے آئی ہے میں ان سب کی ذرہ نوازیوں کا بے حد ممنون ہوں۔

مُحمد سعید اسعدؔ

لاہور ـــ ۱۹۹۰ء

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

حرفِ تحسین

"معلوماتِ جموں وکشمیر"، محمد سعید اسعد کی کاوش نہایت کارآمد اور بصیرت افروز ہے۔ کشمیر کے سلسلے میں معلوماتِ عامہ کی ایسی کتاب کی شدت سے ضرورت محسوس کی جارہی تھی، اللہ کا شکر ہے کہ موصوف نے نہایت ہی تندہی سے اس کام کو سرانجام دیا ہے۔ ہم ذاتی طور پر یہ محسوس کرتے ہیں کہ اس کتاب کے منظرِ عام پر آنے سے ایک بہت بڑا خلاء عام قاری کے لیے پُر ہوگیا ہے۔ ابتدائی اور ضروری معلومات کا یہ ایک قابلِ قدر خزینہ ہے۔ عام لوگ کشمیر کے سلسلے میں ابتدائی معلومات سے بھی نابلد ہوتے ہیں۔ انشاءاللہ اس کتاب سے یہ تشنگی باقی نہیں رہے گی۔ اس طرح کم از کم ہمارا یہ دیرینہ خواب شرمندۂ تعبیر ہوتا ہے۔

اس میں شک نہیں کہ ہر کام کے لیے انسان کے ذہن میں ایک تاج محل ہوتا ہے، لیکن ہر تاج محل کے لیے وقت اور سرمایہ کی ضرورت ہوتی ہے جس کے لیے سلاطین میسّر نہیں آسکتے۔

بہرحال یہ ایک پڑھے لکھے انسان کی کوشش ہے امید ہے کہ پذیرائی حاصل ہوگی۔

پروفیسر ڈاکٹر محمد یوسف بخاری
انچارج شعبہ کشمیریات
پنجاب یونیورسٹی —— لاہور۔

بندہ ناچیز عرصہ پندرہ سال سے سوچتا رہا ہے کہ آج تک تاریخِ کشمیر کو مسخ کرکے کیوں رکھا گیا؟ یہ ایک بین الاقوامی سازش تھی کہ کشمیری قوم کو غلام بنائے رکھنے کے لیے اِسے اپنے گذشتہ تاریخی حقائق سے دور رکھا جائے۔ پاکستان میں داخل ہونے کے بعد میں نے نرسری کی کتابوں سے لے کر ایم۔اے کے نصاب تک سب کتابیں بغور پڑھیں، مجھے کہیں بھی کشمیر کے بارے صحیح حقائق نظر نہیں آئے۔ یہاں تک کہ ایسے ایسے طالبعلموں سے واسطہ پڑا جو سوال کرتے ہیں کہ کیا آزاد کشمیر میں جانے کے لیے پاسپورٹ یا ویزے کی ضرورت ہوتی ہے؟ یہ اُن طالب علموں کا قصور نہیں ہے ان کو اگر اپنے نصاب تعلیم میں کشمیر کا تعارف ملتا تو وہ یہ سوال کبھی نہ کرتے۔ اس کی ذمہ داری محکمہ تعلیم حکومتِ پاکستان پر عائد ہوتی ہے جنہوں نے نام نہاد شہ رگ کا تعارف اپنی نئی نسل کے لیے مفید نہ سمجھا۔ یہی وجہ ہے کہ نئی نسل مسئلہ کشمیر کی تاریخ سے بہت دور ہے۔ میں اس ضمن میں یہی کہہ سکتا ہوں کہ یہ محکمہ تعلیم حکومت پاکستان کی سراسر بخیلی ہے یا اُن پر سامراجی طاقتوں کا خوف طاری ہے جنہوں نے آج تک اس بات کی ضرورت محسوس نہیں کی۔

عزیز القدر محمد سعید اسعد نے واقعی ایک ایسی معلوماتی اور تاریخی کتاب اپنی انتھک محنت کے بعد تیار کرکے محکمہ کی اس بے حسی کا پردہ چاک کیا ہے اور محکمہ تعلیم آزاد کشمیر اور پاکستان کے اعلیٰ افسروں کو اپنی نااہلی پر نظر ثانی کرنے پر مجبور کیا ہے۔ میں اس کتاب کو محمد سعید اسعد کی طرف سے ایک ایسا قلمی جہاد سمجھتا ہوں جس کی طلباء اور

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

عوام کو بہت سخت ضرورت تھی ۔ اس طالبعلمی کی عمر میں محمد سعید اسعد نے قوم کو حقائق پر مبنی ایک زریں ورق سے نوازا ہے ۔

اس کتاب کے مطالعہ سے ایک انجان شخص بھی کشمیر "جنت نظیر" کے بارے اچھی خاصی واقفیت حاصل کرسکتا ہے ۔ بے شک یہ ایک جامع تاریخی اور معلوماتی کتاب ہے اس کے مطالعہ سے ہر کشمیری اور غیر کشمیری نہ صرف کشمیر کی تاریخ اور جغرافیہ سے بخوبی آگاہی حاصل کرسکتا ہے بلکہ مسئلہ کشمیر اور جہادِ کشمیر کی حقیقت کو بھی جان سکتا ہے ۔

اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو ۔

سیّد عبدالحمید دیوانی
سپریم کمانڈر
کشمیر فریڈم موومنٹ

مجھے اس بات کی انتہائی خوشی ہے کہ ہمارے شعبہ کشمیریات کے ایک ہونہار طالب علم محمد سعید اسعد نے کشمیر کے بارے میں ایک معلوماتی کتاب لکھی ہے۔ اس کتاب کی ویسے تو بہت پہلے سے ضرورت محسوس کی جارہی تھی لیکن آج جبکہ کشمیر میں تحریک حریت تیز تر ہوچکی ہے اس کتاب کی ضرورت اور بڑھ گئی ہے ۔

ہم جب بھی کسی معاملے کے بارے کوئی غلط فیصلہ کرتے ہیں اس کی سب سے بڑی وجہ ہماری معلومات میں کمی یا خامی ہوتی ہے ۔ کشمیر کی غلامی کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ دنیا کے لوگوں کو اور بالخصوص پاکستان اور ہندوستان کے عوام کشمیر کے بارے ناقص معلومات رکھتے ہیں اسی لیے یہ لوگ ان سوا کروڑ انسانوں کی زندگی اور موت کے مسئلے کو زمین کے جھگڑے کا مسئلہ سمجھتے ہیں ۔ عالمی طاقتیں اور ان دونوں ممالک (پاکستان اور ہندوستان) کے حکمران یہاں کے غریب عوام کا مسئلہ کشمیر کے نام پر بھرپور استحصال کرتے ہیں ۔ میری سوچ کے مطابق جب تک کشمیر آزاد نہیں ہوتا پاکستانی اور ہندوستانی عوام کا یہاں کے حکمران استحصال کرتے رہیں گے ۔ جب کشمیر آزاد ہوگا تو سب سے اول ہندوستان اور پاکستان کے دفاعی اخراجات میں بہت زیادہ کمی ہوجائے گی ۔ اور دونوں ممالک یہ بھاری رقمیں صنعت و حرفت اور رفاعی کاموں میں خرچ کریں گے جس سے اس خطے میں خوشحالی کا انقلاب برپا ہوگا ۔ اور دونوں ممالک بڑی طاقتوں کے چنگل سے آزاد ہوں گے اور تب ہی ایک دوسرے سے اچھے ہمسایوں کی طرح رہ سکیں گے ۔ اس راہ کی ایک بڑی رکاوٹ معلومات کی کمی ہے ۔

www.SyedAliAhmed.tk

عوام کو بہت سخت ضرورت تھی ۔ اس طالبعلمی کی عمر میں محمد سعید اسعد نے قوم کو حقائق پر مبنی ایک زریں ورق سے نوازا ہے ۔

اس کتاب کے مطالعہ سے ایک انجان شخص بھی کشمیر "جنت نظیر" کے بارے اچھی خاصی واقفیت حاصل کرسکتا ہے ۔ بے شک یہ ایک جامع تاریخی اور معلوماتی کتاب ہے اس کے مطالعہ سے ہر کشمیری اور غیر کشمیری نہ صرف کشمیر کی تاریخ اور جغرافیہ سے بخوبی آگاہی حاصل کرسکتا ہے بلکہ مسئلہ کشمیر اور جہادِ کشمیر کی حقیقت کو بھی جان سکتا ہے ۔

اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو ۔

سیّد عبدالحمید دیوانی
سپریم کمانڈر
کشمیر فریڈم موومنٹ

مجھے اس بات کی انتہائی خوشی ہے کہ ہمارے شعبہ کشمیریات کے ایک ہونہار طالب علم محمد سعید اسعد نے کشمیر کے بارے میں ایک معلوماتی کتاب لکھی ہے ۔ اس کتاب کی ویسے تو بہت پہلے سے ضرورت محسوس کی جارہی تھی لیکن آج جبکہ کشمیر میں تحریکِ حریت تیز تر ہو چکی ہے اس کتاب کی ضرورت اور بڑھ گئی ہے ۔

ہم جب بھی کسی معاملے کے بارے کوئی غلط فیصلہ کرتے ہیں اس کی سب سے بڑی وجہ ہماری معلومات میں کمی یا خامی ہوتی ہے ۔ کشمیر کی غلامی کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ دنیا کے لوگوں کو اور بالخصوص پاکستان اور ہندوستان کے عوام کشمیر کے بارے ناقص معلومات رکھتے ہیں اسی لیے یہ لوگ ان سوا کروڑ انسانوں کی زندگی اور موت کے مسئلے کو زمین کے جھگڑے کا مسئلہ سمجھتے ہیں ۔ عالمی طاقتیں اور ان دونوں ممالک (پاکستان اور ہندوستان) کے حکمران یہاں کے غریب عوام کا مسئلہ کشمیر کے نام پر بھرپور استحصال کرتے ہیں ۔ میری سوچ کے مطابق جب تک کشمیر آزاد نہیں ہوتا پاکستانی اور ہندوستانی عوام کا یہاں کے حکمران استحصال کرتے رہیں گے ۔ جب کشمیر آزاد ہوگا تو سب سے اوّل ہندوستان اور پاکستان کے دفاعی اخراجات میں بہت زیادہ کمی ہو جائے گی ۔ اور دونوں ممالک یہ بھاری رقمیں صنعت و حرفت اور رفاعی کاموں میں خرچ کریں گے جس سے اس خطے میں خوشحالی کا انقلاب برپا ہوگا ۔ اور دونوں ممالک بڑی طاقتوں کے چنگل سے آزاد ہوں گے اور تب ہی ایک دوسرے سے اچھے ہمسایوں کی طرح رہ سکیں گے ۔ اس راہ کی ایک بڑی رکاوٹ معلومات کی کمی ہے ۔

اس لیے سعید صاحب کی یہ کاوش غیر معمولی ہے اور مجھے یقین ہے کہ ان کی یہ کاوش کاروباری نہیں ہے اس لیے یہ کتاب ہمیں صحیح معلومات فراہم کریگی۔ میں برصغیر پاک و ہند کے تمام طالبعلموں اور معلومات عامہ سے دلچسپی رکھنے والے لوگوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ یہ کتاب ضرور پڑھیں اور دوسروں کو پڑھنے کی ترغیب دیں۔ کشمیری نوجوانوں سے میری خصوصی گذارش ہے کہ وہ اپنے وطن کا مسئلہ دوسرے عوام تک پہنچانے کے لیے معلومات حاصل کرنے کے لیے اس کتاب کا مطالعہ ضرور کریں کیونکہ دوسروں کو قائل کرنے کے لیے لازمی ہے کہ آدمی خود معلومات رکھتا ہو۔

محمد اشرف قریشی

استاد شعبہ کشمیریات

پنجاب یونیورسٹی ــــ لاہور۔

معلوماتِ جموں کشمیر

س: بتایئے ماہرین ارضیات کی تحقیق کے مطابق سرزمین کشمیر کب معرض وجود میں آئی؟

ج: دس کروڑ سال قبل۔

س: کشمیر میں پہلی باقاعدہ حکومت کتنا عرصہ قبل قائم ہوئی؟

ج: چھ ہزار سال قبل۔

س: کشمیر میں کتنے غیر مسلم خاندان برسراقتدار رہے؟

ج: اکیس خاندان۔

س: کشمیر میں پہلا مسلمان بادشاہ کون تھا؟

ج: سلطان صدرالدین (رنچن شاہ)۔

س: کشمیر میں تبلیغ اسلام کا کام کب شروع ہوا؟

ج: چودھویں صدی عیسوی کے شروع میں۔

س: کشمیر میں پہلا مبلغ اسلام کون تھا؟

ج: سید شرف الدین عرف بلبل شاہ۔

س: دنیا کا مشہور سیاح مارکوپولو کب کشمیر آیا؟

ج: 1277 عیسوی میں۔

س: برنیئر کس ملک کا باشندہ تھا، وہ کب کشمیر آیا؟

ج: فرانس کا، 1664ء میں۔

س: کیا برنیئر پہلا یورپی سیاح تھا جو کشمیر آیا؟

ج: جی ہاں۔

س: کشمیر پر شاہ میری خاندان نے کتنا عرصہ حکومت کی؟

ج: 216 برس (1338ء تا 1555ء)۔

س: کشمیر پر چک خاندان نے کتنا عرصہ حکومت کی؟

ج: 31 برس (1555ء تا 1586ء)

س: کشمیر پر مغل خاندان نے کتنا عرصہ حکومت کی؟

ج: 166 برس (1586ء تا 1752ء)۔

س: کشمیر پر افغانوں نے کتنا عرصہ حکومت کی؟

ج: 66 برس (1752ء تا 1819ء)۔

س: کشمیر پر سکھوں نے کتنا عرصہ حکومت کی؟

ج: 27 برس (1819ء تا 1846ء)۔

س: کشمیر پر ڈوگرہ خاندان نے کتنا عرصہ حکومت کی؟

ج: 101 سال (1846ء تا 1947ء)۔

س: ریاست جموں وکشمیر کتنے عرض بلد پر واقع ہے؟

ج: 32-37 سے 36-58 عرض بلد پر۔

س: ریاست جموں وکشمیر کتنے طول بلد پر واقع ہے؟

ج: 73-26 سے 80-30 طول بلد پر۔

س: ریاست جموں کشمیر کا کل رقبہ کتنا ہے؟

ج: 84,471 مربع میل۔

س: ریاست جموں کشمیر کے کتنے صوبے ہیں؟

ج: چار، جموں، وادیٔ کشمیر، لداخ، گلگت بلتستان

س: ریاست جموں کشمیر پر اس وقت کتنے ملکوں کا قبضہ ہے؟

ج: تین، (پاکستان، بھارت، چین)۔

س: ریاست جموں کشمیر کا کتنا علاقہ بھارت کے قبضے میں ہے؟

ج: 41,342 مربع میل۔

س: ریاست جموں کشمیر کا کتنا علاقہ پاکستان کے قبضے میں ہے؟

ج: 33,958 مربع میل۔ (آزاد کشمیر، گلگت بلتستان)۔

س: ریاست جموں کشمیر کا کتنا علاقہ چین کے قبضے میں ہے؟

ج: 9,171 مربع میل۔

س: 1947ء میں کن دو ملکوں نے ریاست جموں کشمیر پر قبضہ کیا؟

ج: بھارت اور پاکستان۔

س: 1947ء میں ریاست جموں وکشمیر پر پہلا حملہ پاکستان نے کیا یا ہندوستان نے؟

ج: پاکستان نے۔

س: چین نے کشمیر کے علاقے اقصائی چن پر کب قبضہ کیا؟

ج: 1962ء میں چین بھارت جنگ کے دوران۔

س: ریاست جموں کشمیر کا کتنا علاقہ 1963ء میں پاکستان نے چین کو تحفے میں دیا؟

ج: 1,868 مربع میل۔

س: ریاست جموں کشمیر کی کل آبادی کتنی ہے؟

ج: ایک کروڑ 85 لاکھ (2010)۔

س: ریاست جموں کشمیر کے کل اضلاع کتنے ہیں؟

ج: 30

س: ریاست جموں کشمیر رقبے کے لحاظ سے کتنے آزاد ممالک سے بڑی ہے؟

ج: 111 ممالک۔

س: ریاست جموں کشمیر آبادی کے لحاظ سے کتنے آزاد ممالک سے بڑی ہے؟

ج: 135 ممالک سے۔

س: مملکتِ کشمیر کا الگ سکہ کب تک رائج رہا؟

ج: 1899ء تک۔

س: کشمیر کا قومی ترانہ کب اور کس نے لکھا؟

ج: 1886ء میں، امجد علی اشہری نے۔

س: کشمیر کی قدیم ترین تاریخی کتاب کون سی ہے؟

ج: راج ترنگنی۔

س: کشمیر کی قدیم ترین صنعت کون سی ہے؟

ج: ریشم سازی۔

س: دنیا میں بہترین یاقوت، زمرد اور ہیرا کہاں پایا جاتا ہے؟

ج: کشمیر میں۔

س: دنیا کی دوسری بلند ترین پہاڑی چوٹی K-2 کس ملک میں ہے؟

ج: کشمیر میں۔ (بلندی 28,251 فٹ)۔

س: کشمیر کے کس پہاڑ کو قاتل پہاڑ کہا جاتا ہے؟

ج: نانگا پربت۔

س: دنیا کے تین عظیم پہاڑی سلسلے کوہ ہمالیہ، کوہ قراقرم اور کوہ ہندوکش آپس میں کہاں ملتے ہیں؟

ج: کشمیر میں جگلوٹ کے مقام پر۔

س: کشمیر میں کتنی زبانیں اور بولیاں بولی جاتی ہیں؟

ج: 10 زبانیں اور 72 بولیاں۔

س: کشمیر کا سب سے بڑا دریا کونسا ہے؟

ج: دریائے سندھ۔

س: کشمیر میں کل کتنے دریا بہتے ہیں؟

ج: 44 دریا۔

س: کشمیر کی سب سے بڑی جھیل کون سی ہے؟

ج: جھیل وولر۔

س: 1971ء کی جنگ کے بعد پاکستان اور بھارت نے کشمیر میں کنٹرول لائن کب قائم کی؟

ج: 11 دسمبر 1972ء کو۔

س: حکومت ہندوستان اور بھارتی مقبوضہ کشمیر کی حکومت کے مابین نام نہاد ''دہلی ایکارڈ'' کب ہوا؟

ج: 13 نومبر 1974ء کو۔

جس کی وحدت آج بھی تاریخ میں تسلیم ہے
چار حصوں میں وہی کشمیر اب تقسیم ہے

(پروفیسر محمد رفیق بھٹی)

سید شرف الدین عرف بلبل شاہ

س: کشمیر کا قومی شاعر کسے کہا جاتا ہے؟

ج: غلام احمد مہجور (مرحوم)

س: بتایئے "FREE KASHMIR" کس کی تصنیف ہے؟

ج: امان اللہ خان۔

س: بتایئے شہید وطن مقبول بٹ شہید کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج: ۱۹۳۸ء تریگام (مقبوضہ کشمیر)۔

س: بتایئے زعفران کے تقریباً کتنے ہزار پھولوں میں سے ایک پونڈ زعفران حاصل ہوتا ہے؟

ج: ۷۵ ہزار۔

س: مقبول بٹ شہید کو دہلی کی تہاڑ جیل میں پھانسی دی گئی بتایئے انہیں کہاں دفن کیا گیا؟

ج: جیل میں ہی۔

س: آزاد کشمیر اسمبلی کے پہلے انتخابات کب ہوئے؟

ج: 31 اکتوبر 1970ء کو۔

س: روزنامہ "آفتاب" سری نگر سے شائع ہوتا ہے یا جموں سے؟

ج: سری نگر۔

س : سید عبدالحمید دیوانی اور ان کے ساتھیوں نے انڈین طیارہ بوئنگ ۷۳۷، کب اغوا کیا ؟

ج : ۱۰ ستمبر ۱۹۷۶ء -

س : بوئنگ ۷۳۷، انڈیا کے کس ائیر پورٹ سے اغوا کیا گیا ؟

ج : دلی پالم ائیر پورٹ -

س : ہمارے ہاں شادی کی وہ کونسی مقبول عام رسم ہے جو لداخ میں بالکل نہیں ؟

ج : جہیز -

س : پانچ جنوری کو کونسا دن منایا جاتا ہے ؟

ج : یوم حقِ خود ارادیت -

س : حضرت بلبل شاہؒ کہاں دفن ہیں ؟

ج : بلبل لنگر نواکدل (سری نگر)

س : "حیاتِ فرشتہ" کس کشمیری مؤرخ کی تصنیف ہے ؟

ج : محمد دین فوقؔ -

س : منگلا ڈیم سے کتنے میگاواٹ سالانہ بجلی پیدا ہوتی ہے ؟

ج : ایک ہزار میگاواٹ -

س : مقبوضہ کشمیر میں فروٹ کی سالانہ پیداوار کتنی ہے ؟

ج : آٹھ لاکھ میٹرک ٹن -

س : بتائیے آزاد کشمیر کے تقریباً کتنے لوگ بیرونِ ملک برسرِ روزگار ہیں ؟

ج : دو لاکھ -

س : ریاست جموں وکشمیر کا کل کتنا رقبہ زیرِ کاشت ہے ؟

ج : ۱۰۸۹۳۳۲ ہیکٹرز -

س : "HILLY SKING" کا سب سے بڑا مرکز کینیڈا ہے - بتائیے اس کا دوسرا بڑا مرکز کونسا ہے ؟

ج : کشمیر -

س : بتائیے ریاست جموں وکشمیر میں کتنے لاکھ سیاح ہر سال سیاحت کے لیے آتے ہیں ؟

ج : گیارہ لاکھ -

س : بتائیے "مجاہد کشمیر" کس کا ناول ہے ؟

ج : جلال انصاری -

س : "شہرِ تمنا" کس کشمیری شاعر کا مجموعہ کلام ہے ؟

ج : صابر آفاقی -

س : بتائیے "یومِ شہدائے گلگت" کس تاریخ کو منایا جاتا ہے ؟

ج : یکم نومبر -

س : پولو بلتستان کا ہر دل عزیز کھیل ہے بتائیے پولو کا کیا مطلب ہے ؟

ج : گیند -

س : بتائیے کشمیری حریت پسندوں نے بھارتی وزیر داخلہ کی بیٹی روبیہ سعید کو کب اغوا کیا ؟

ج : جمعہ ۸ دسمبر ۱۹۸۹ء -

س : روبیہ سعید کے بدلے جن پانچ کشمیری حریت پسندوں کو رہا کیا گیا اُن کے نام بتائیے -

ج : ۱- عبدالحمید شیخ ، ۲ - جاوید احمد زرگر ، ۳ - الطاف احمد -
۴ - شیر محمد خان ، ۵ - نور محمد کلوال -

س : بتائیے معاہدہ کراچی کب ہوا جس میں جنگ بندی حد مقرر کی گئی ؟

ج : ۲۷، جولائی ۱۹۴۹ء ۔

س : اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے صدر جنرل میکناٹن آف کینیڈا نے مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے پاکستان اور بھارت کا دورہ کب کیا ؟

ج : جنوری، فروری ۱۹۵۰ء ۔

س : " کاؤ " کشمیریوں کی ایک مشہور ذات ہے ۔ کیا آپ کاؤ کا مطلب جانتے ہیں ؟

ج : کوّا ۔

س : "خود مختار کشمیر کیوں ؟ " کس کی تصنیف ہے ؟

ج : امان اللہ خان ۔

س : گلگت میں موجود ہوائی اڈا کب تعمیر کیا گیا ؟

ج : ۱۹۵۱ء ۔

س : کے ۔ ٹو کو سر کرنے کی پہلی کوشش کب کی گئی ؟

ج : ۱۹۰۳ء ۔

س : کس کشمیری باشندے نے سب سے پہلے کے ۔ ٹو کی چوٹی سر کی ؟

ج : اشرف امان ۔

س : ریاست جموں و کشمیر کے شمالی علاقہ جات میں کل کتنے دریا بہتے ہیں ؟

ج : بارہ، ۱۲ ۔

س : شمالی علاقہ جات میں سب سے زیادہ بارش کہاں ہوتی ہے ؟

ج : استور ۔

س : بتائیے "محبوبہ کشمیر" کس کا ناول ہے ؟

ج : مرزا قاسم بیگ ۔

س : ریاست کے شمالی علاقہ جات میں تقریباً کتنا رقبہ زیرِ کاشت ہے ؟

ج : ایک لاکھ ایکڑ ۔

س : ۳۵ - ۱۹۳۹ء تک کوئی بھی کوہ پیما جماعت ہمالیہ یا قراقرم کو سر کرنے نہ آئی بتائیے کیوں ؟

ج : دوسری جنگِ عظیم کی وجہ سے ۔

س : ریاست جموں و کشمیر کے شمالی علاقہ جات کی سب سے اونچی عمارت کونسی ہے ؟

ج : جامع مسجد گلگت ۔

س : شمالی علاقہ جات کے آباد کار کس قدیم نسل سے تعلق رکھتے ہیں ؟

ج : آریا ۔

س : راولاکوٹ راولپنڈی سے کتنے کلومیٹر دور ہے ؟

ج : ۱۳۱ کلومیٹر ۔

س : تتہ پانی مشہور سیاحتی مقام ہے یہ آزاد کشمیر کے کس ضلع میں واقع ہے ؟

ج : کوٹلی ۔

س : کشمیر کے کس پہاڑ کو خونی پہاڑ کہا جاتا ہے ؟

ج : نانگا پربت ۔

س : بتائیے کوہالہ پُل کس دریا پر تعمیر کیا گیا ہے ؟

ج : دریائے جہلم ۔

www.AJKOnline.tk

س : بتایئے اقوام متحدہ کے کمیشن برائے پاکستان و بھارت کی مقامی تحقیق پر سلامتی کونسل نے دو قرار دادیں کب پاس کیں ؟

ج : ١٣ر اگست ١٩٤٨ء ، ٥ر جنوری ١٩٤٩ء ۔

س : بتایئے شیخ عبداللہ اور مرزا افضل بیگ کو دنیا بھر کا دورہ اور فریضہ حج ادا کر کے واپس لوٹنے پر کب گرفتار کر لیا گیا ؟

ج : ٨ر مئی ١٩٦٥ء ۔

س : آزاد کشمیر کے کس شہر کو ایشیاء کا برمنگھم کہا جاتا ہے ؟

ج : میرپور ۔

س : بتایئے سلسلہ نقشبندیہ کے نامور بزرگ پیر محی الدین غزنویؒ کا مزار کہاں واقع ہے ؟

ج : نیریاں شریف تراڑکھل آزاد کشمیر ۔

س : آزاد کشمیر میں تحریک نفاذِ نظامِ مصطفٰےؐ سب سے پہلے کس نے شروع کی ؟

ج : حضرت پیر علاؤالدین صدیقی ۔

س : بتایئے باباشادی شہید کا مزار کہاں واقع ہے ؟

ج : بھمبر آزاد کشمیر ۔

س : "میاں محمد بخشؒ ۔ شخصیت اور فن" کس کی تصنیف ہے ؟

ج : ڈاکٹر غلام حسین اظہر ۔

س : بتایئے ہفت روزہ "چنگاری" کہاں سے شائع ہوتا ہے ؟

ج : میرپور ۔

س : بتایئے شیخ عبداللہ کا مدفن کہاں ہے ؟

ج : نسیم باغ (سری نگر) ۔

س : بتایئے اقوام متحدہ نے تنازعہ کشمیر کے حل کے لیے کونسا خصوصی نمائندہ مقرر کیا؟

ج : سراوون ڈکسن ۔

س : بتایئے بھارت نے کشمیر کی تین فوجی چوکیوں پہ کب جارحانہ قبضہ کیا ؟

ج : ١٧ر مئی ١٩٦٥ء ۔

س : بتایئے اُردو ہفت روزہ "چٹان" کہاں سے شائع ہوتا ہے ؟

ج : سری نگر ۔

س : بتایئے ہفت روزہ "جہاد" کہاں سے شائع ہوتا ہے ؟

ج : سیالکوٹ ۔

س : وہ کون سے مشہور کشمیری بزرگ تھے جو ٹوپیاں بنا کر روزی کماتے ؟

ج : شاہ ہمدانؒ ۔

س : کشمیر میں سید جمال الدین محدثؒ نے جس مدرسے کی بنیاد رکھی اُس کا نام بتائیں ؟

ج : عروۃُ الوسقیٰ ۔

س : بھمبر کے قریب وادی سماہنی میں مغلیہ دور کا کونسا مشہور قلعہ ہے ؟

ج : قلعہ باغسر ۔

س : "سیف الملوک" کس کا مجموعہ کلام ہے ؟

ج : میاں محمد بخشؒ ۔

س : کشمیر کے نامور بزرگ اور صوفی شاعر میاں محمد بخشؒ کا مزار کہاں واقع ہے ؟

ج : کھڑی شریف ۔ میرپور ۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : بھارت نے اقوام متحدہ کی ہدایت پر کرگل کی ایک چوکی خالی کر دی بتایئے کب ؟

ج : ۳۰ جون ۱۹۶۵ء ۔

س : بتایئے ڈاکٹر ایف گریہم اقوام متحدہ کے مصالحت کنندہ برائے تنازعۂ کشمیر کب مقرر ہوئے ؟

ج : ۳۰ر اپریل ۱۹۵۱ء ۔

س : میاں محمد بخشؒ کے پیر و مرشد کا نام بتائیں ؟

ج : بابا پیرِ شاہ غازیؒ المعروف دمڑیاں والی سرکار ۔

س : گلگت میں شہداء کی یاد میں چنار باغ کب قائم کیا گیا ؟

ج : ۱۹۶۲ء ۔

س : ایم ۔ اے سٹائن نے راج ترنگنی کا انگریزی ترجمہ کب کیا ؟

ج : ۱۹۰۰ء ۔

س : ٹھاکر اچھر چند شاہ پوریہ نے راج ترنگنی کا اردو ترجمہ کب کیا ؟

ج : ۱۹۱۲ء ۔

س : "نیل مت گرنتھ" کس کی تصنیف بتائی جاتی ہے ؟

ج : پنڈت کلہن ۔

س : شاہ فریدالدینؒ اور شاہ اسرارؒ بہت بڑے ولی اللہ گزرے ہیں ان کے مزار کہاں ہیں ؟

ج : کشتواڑ ۔

س : چھوٹا کشمیر کسے کہا جاتا ہے ؟

ج : بھدرواہ ۔

س : بتایئے بھارت نے شاہی راج ختم کر کے کشمیر کو انڈین یونین میں خصوصی درجہ کب دیا ؟

ج : ۲۴ر جولائی ۱۹۵۲ء ۔

س : بتایئے "صدائے کشمیر" نامی ایک خفیہ ریڈیو اسٹیشن نے اپنی نشریات کا آغاز کب کیا ؟

ج : ۹ر اگست ۱۹۶۵ء ۔

س : جھیل باس کنڈ کس پہاڑی پر واقع ہے ؟

ج : سیوج دھار ۔

س : تاریخ کشمیر کے موضوع پر "باغ سلیمان" کب، کس نے لکھی ؟

ج : ۱۱۹۶ھ میر سعداللہ شاہ آبادی ۔

س : سلطان صدرالدین نے کشمیر پر کتنا عرصہ حکومت کی ؟

ج : تین سال ۔

س : جب ترکوں نے کشمیر پر حملہ کیا اس وقت کشمیر میں کس کی حکومت تھی ؟

ج : اودیان دیو ۔

س : راجہ اودیان دیو کب فوت ہوا ؟

ج : ۱۳۳۸ء ۔

س : ۱۳۹۸ء میں ہندوستان پر تیمور حملہ آور ہوا بتایئے اس وقت کشمیر میں کس کی حکومت تھی ؟

ج : سلطان سکندر ۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : بتائیے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کی ہدایت پر بھارت نے کرگل کی فوجی چوکیاں کب خالی کر دیں؟

ج : ۱۵ر اگست ۱۹۶۵ء ۔

س : بتائیے بھارت نے درّہ حاجی پیر پر کب قبضہ کیا؟

ج : یکم ستمبر ۱۹۶۵ء ۔

س : سلطان سکندر بُت شکن کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج : ملکہ سورا ۔

س : شمالی علاقہ جات میں سب سے زیادہ گرمی کس علاقے میں پڑتی ہے؟

ج : تحصیل چلاس ۔

س : "کشمیری مسلمانوں کی سیاسی جدوجہد" کس کی تصنیف ہے؟

ج : مرزا شفیق حسین ۔

س : "نیرنگِ خیال" کس کشمیری شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟

ج : عبدالقدوس رسا جاودانی ۔

س : "اہلِ کشمیر علم و فضل کے شائق اور مہذب ہیں" بتائیے ساتویں صدی عیسوی میں کشمیر آنے والے کس مشہور چینی سیاح نے یہ بات کہی تھی؟

ج : ہیون سانگ ۔

س : گلگت میں پہلی برطانوی ایجنسی کب قائم ہوئی؟

ج : ۱۸۷۷ء ۔

س : کے ۔ ٹو پہاڑ کتنی مرتبہ سر ہو چکا ہے؟

ج : پانچ مرتبہ ۔

س : بتائیے پاکستان نے افریقی ایشیائی افواج کی نگرانی میں کشمیر کے لیے رائے شماری کی سہ نکاتی تجویز کب پیش کی؟

ج : ۱۱ر ستمبر ۱۹۶۵ء ۔

س : بتائیے ماہنامہ "کتاب" نے لاہور سے کشمیر نمبر کب شائع کیا؟

ج : اکتوبر ۱۹۶۹ء ۔

س : ریاست جموں و کشمیر کے شمالی علاقہ جات میں سب سے زیادہ یاقوت کہاں پایا جاتا ہے؟

ج : ہنزہ ۔

س : ریاست جموں و کشمیر میں سکھوں کا آخری گورنر کون تھا؟

ج : شیخ امام دین ۔

س : "TRAGEDY IN KASHMIR" کس کی تصنیف ہے؟

ج : اے ۔ ایچ سہروردی ۔

س : مرزا حیدر دوغلات نے کشمیر پر کتنا عرصہ حکومت کی؟

ج : گیارہ سال ۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : کشمیر میں ہانجی نسل کے لوگ زمانۂ قدیم سے آباد ہیں بتائیے وہ اپنے آپ کو کس پیغمبر کی اولاد بتاتے ہیں؟

ج : حضرت نوح علیہ السلام ۔

س : بتائیے شمالی علاقہ جات سے سالانہ کتنا پھل حاصل کیا جاتا ہے؟

ج : تین لاکھ بیس ہزار من ۔

س : بتائیے یہ قول کس کشمیری بزرگ کا ہے؟

"دنیا کا غم مت کھاؤ تاکہ تباہ نہ ہو جاؤ"۔

ج : سید علی ہمدانیؒ

س : مرزا حیدر دوغلات کا بابر سے کیا رشتہ تھا؟

ج : خالہ زاد بھائی ۔

س : "تاریخ پونچھ" کس کی تصنیف ہے؟

ج : سید محمود آزاد ۔

س : کے ۔ ٹو کو سب سے پہلے کب اور کس نے سر کیا؟

ج : ۱۹۵۴ء، گوڈن آسٹن ۔

س : بنجوسہ آزاد کشمیر کا خوبصورت سیاحتی مقام ہے یہ سطح سمندر سے کتنی بلندی پر واقع ہے؟

ج : ۱۹۸۱ میٹر ۔

س : "تحقیقاتِ امیری" سرزمین کشمیر کی مختصر تاریخ ہے اس کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج : خواجہ امیرالدین پکھلی وال ۔

س : بتائیے مشہور مغربی سیاح مورکرافٹ کس سلسلے میں کشمیر آیا؟

ج : پشم کی تجارت ۔

س : بتلائیے راج ترنگنی کا فرانسیسی ترجمہ کس نے کیا؟

ج : اے ، ٹرئیر ۔

س : مظفر آباد سے ایبٹ آباد کتنے کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے؟

ج : ۷۰ کلومیٹر ۔

س : بتائیے یہ کس محبِ وطن کشمیری شاعر کی نظم کا ایک شعر ہے؟

ہم نادار بہت ہیں پر حبِ وطن جاگیر بہت
حبِ وطن دو لفظ! مگر ان لفظوں کی تفسیر بہت

ج : احمد شمیم ۔

س : منگلا ڈیم کا رقبہ بتائیے؟

ج : ۴۰۰ مربع کلومیٹر ۔

س : مشہور کشمیری بزرگ بلبل شاہؒ صوفیا کے کس سلسلے سے تعلق رکھتے تھے؟

ج : سلسلہ سہروردیہ ۔

س : حضرت بلبل شاہؒ کا اصل نام کیا تھا؟

ج : سید شرف الدینؒ ۔

س : کشمیر میں شیخ الاسلام کا عہدہ کس مسلمان سلطان کے دور میں قائم ہوا؟

ج : سلطان سکندر ۔

س : کشمیر میں شاہ میری خاندان نے کتنا عرصہ حکومت کی؟

ج : تقریباً سوا دو سو سال ۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : کشمیر میں سب سے پہلے کس مسلمان حکمران نے اسلامی شریعت کو عملی طور پر نافذ کیا ؟

ج : سلطان سکندر ۔

س : "نوروزِ صبا" کس کا مجموعہ کلام ہے ؟

ج : عبدالرحمان راہی ۔

س : "کشمیر پابہ زنجیر" کس کی تصنیف ہے ؟

ج : عزیز بیگ ۔

س : مشہور کشمیری شاعر دینا ناتھ مست کب پیدا ہوئے ؟

ج : ۱۹۰۸ء ۔

س : سلطان شہاب الدین کا اصل نام کیا تھا ؟ اس نے کشمیر پر کتنا عرصہ حکومت کی ؟

ج : شیر آشمک ۳۷ - ۱۳۵۴ء ۔ [۱۹ سال]

س : سلطان شہاب الدین اور سلطان قطب الدین کا آپس میں کیا رشتہ تھا ؟

ج : بھائی ۔ بھائی ۔

س : سوپور کس کے نام پر آباد ہے ؟

ج : سویا پنڈت ۔

س : ملک حیدر چاڈورہ نے کشمیر کی تاریخ "تاریخ ملک حیدر چاڈورہ" کب لکھی ؟

ج : ۱۶۲۰ء ۔

س : دریا پونچھ کس دریا میں گرتا ہے ؟

ج : دریائے جہلم ۔

س : ۱۱ فروری ۱۹۹۰ء کو چکوٹھی کے مقام پر جنگ بندی لائن عبور کرتے ہوئے آزاد کشمیر کے جن تین نوجوانوں نے جامِ شہادت نوش کیا اُنکے نام بتائیں ؟

ج : فرخ قریشی ، لیاقت اعوان ، سجاد انجم ۔

س : بتائیے ۱۹۶۵ء میں اقوام متحدہ کے کس نمائندے نے یہ کہا تھا ؟
"مسئلہ کشمیر کو حل کیئے بغیر چھوڑ دینا خطرناک ہوگا"

ج : یوتھانٹ ۔

س : سُدھن گلی دلفریب اور قابل دید سیاحتی مقام ہے بتائیے یہ مظفرآباد سے کتنی دور ہے ؟

ج : ۶۴ کلومیٹر ۔

س : "کشمیر اور ڈوگرہ راج" کس کی تصنیف ہے ؟

ج : ملک فضل حسین ۔

س : کشمیری زبان کا نظامی گنجوی کسے کہا جاتا ہے ؟

ج : محمود گامی ۔

س : زوالجو نے کشمیر پر فوج کشی کب کی جس سے وادی میں زبردست تباہی پیدا ہوئی ؟

ج : ۱۳۲۰ء ۔

س : کوٹارانی کس کی بیوی تھی ؟

ج : رنچن شاہ ۔

س : کشمیر کا نامور حکمران سلطان سکندر بُت شکن کس کا بیٹا تھا ؟

ج : سلطان قطب الدین ۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : پانپور کا اصل نام کیا تھا؟

ج : پدمان پور۔

س : ۱۹۴۱ء کی مردم شماری کے مطابق پونچھ جاگیر کی آبادی کتنی تھی؟

ج : ۴،۲۱،۸۲۸ –

س : "کچلو" کشمیریوں کی مشہور ذات ہے لفظ کچلو کا مطلب بتائیں؟

ج : بکرا۔

س : "کشمیر تاریخ کے آئینے میں" کس کی تصنیف ہے؟

ج : ایم اے خان۔

س : مولانا انور شاہ کشمیری کہاں پیدا ہوئے؟

ج : وادیٔ لولاب۔

س : سلطان زین العابدین بڈشاہ نے کشمیر پر کتنا عرصہ حکومت کی؟

ج : پچاس سال۔

س : حضرت سید شرف الدینؒ کس کے مرید تھے؟

ج : شاہ نعمت اللہ فارسیؒ۔

س : اس خاتون کا نام بتائیں جو یکے بعد دیگرے کشمیر کے تین حکمرانوں کی بیوی بنی؟

ج : کوٹا رانی۔

س : ۱۹۵۸ء میں کے۔ٹو کی بلندی کا تعین کس نے کیا؟

ج : منٹگمری۔

س : "فاتحین گنگا" کس کی تصنیف ہے؟

ج : ابو ناصر۔

س : ریاست جموں وکشمیر کے شمالی علاقہ جات میں پہلی سیاسی پارٹی "گلگت لیگ" بنی بتائیے کب؟

ج : ۱۹۵۸ء۔

س : ہجوگوئی میں کشمیر کا سودا کسے کہا جاتا ہے؟

ج : مقبول شاہ کرالہ واری۔

س : چناری اور چکوٹھی دو دلفریب سیاحتی مقام ہیں بتائیے یہ آزاد کشمیر کے کس ضلع میں ہیں؟

ج : مظفر آباد۔

س : کشمیری زبان کے نامور شاعر حسین علی انصاری اور ڈاکٹر سید محمد یوسف بخاری کا آپس میں کیا رشتہ ہے؟

ج : استاد۔ شاگرد۔

س : علامہ اقبالؒ کے مجموعہ کلام "اسرار خودی" کا کشمیری زبان میں ترجمہ کس نے کیا؟

ج : غلام احمد ناز۔

س : ڈاکٹر مرغوب بانہالی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج : ۱۹۳۵ء بونہ کوٹ بانہال۔

س : نامور کشمیری شاعر مشعل سلطان پوری کا اصل نام کیا تھا؟

ج : محمد رمضان بٹ۔

س : "اجنبی موسم میں ابابیل" کس کشمیری شاعر کا اردو مجموعہ کلام ہے؟

ج : احمد شمیم۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : اردو و کشمیری زبان کے مشہور شاعر و ادیب احمد شمیم کب اور کہاں فوت ہوئے ؟

ج : ۷ راگست ۱۹۸۲ء راولپنڈی ۔

س : کشمیر میں شاہ ہمدانؒ کے بعد عربی اور فارسی میں سب سے زیادہ کتب کس نے لکھیں ؟

ج : شیخ یعقوب صرفیؒ ۔

س : مشہور کشمیری شاعر غلام نبی عارض کب فوت ہوئے ؟

ج : ۱۹۶۵ء ۔

س : سرینگر شہر سطح سمندر سے کتنے ہزار فٹ کی بلندی پر ہے ؟

ج : ۶ رہزار ۔

س : مظفرآباد کے قریب دریائے کاغان کس دریا میں گرتا ہے ؟

ج : جہلم ۔

س : ۱۹۴۱ء کی مردم شماری کے مطابق ضلع جموں کی کل آبادی کتنی تھی ؟

ج : ۴۳۱۳۶۲ ۔

س : صوبہ جموں میں ہندوؤں کی آبادی میں تقریباً کتنے فیصد سالانہ اضافہ ہو رہا ہے ؟

ج : ایک فیصد ۔

س : کشمیریوں کی ایک ذات "تت" کہلاتی ہے، بتایئے اس لفظ کا کیا مطلب ہے ؟

ج : لمبی تھوتھنی والا ۔

س : اہل کشمیر میں ایک ذات "ہاک" کہلاتی ہے بتایئے اس لفظ کا کیا مطلب ہے ؟

ج : سبزی کاشت کرنے والا ۔

س : کشمیر کی مختصر تاریخ "منتخب التواریخ" کس نے لکھی ؟

ج : پنڈت نرائن کول عاجز ۔

س : نامور مؤرخ کشمیر منشی محمد دین فوقؔ نے تاریخ کشمیر پر تقریباً کتنی کتابیں لکھیں ؟

ج : پچیس (۲۵) ۔

س : شاہراہ قراقرم کی تعمیر کب شروع ہوئی ؟

ج : ۷ رجنوری ۱۹۵۹ء ۔

س : شاہراہ ریشم کو مکمل ہونے میں کتنا عرصہ لگا ؟

ج : ۲۰ سال ۔

س : شاہراہ ریشم پر کل کتنے پل بنائے گئے ہیں ؟

ج : ننانوے ۹۹ ۔

س : درگاہ حضرت پیر مٹھا گلگت میں ہے یا جموں میں ؟

ج : جموں ۔

س : بتایئے ضلع اودھم پور کے کس علاقے میں سفید مٹی پائی جاتی ہے جو برتن بنانے کے کام آتی ہے ؟

ج : ٹکڑی ۔

س : ویشنو دیوی کے پہاڑوں کے دامن میں کونسا قصبہ آباد ہے ؟

ج : قصبہ کٹڑہ ۔

س : ضلع ریاسی میں ویشنو دیوی کا میلہ کتنا عرصہ جاری رہتا ہے ؟

ج : تین ماہ ۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : ریاست جموں وکشمیر میں سرمہ کہاں سے نکلتا ہے؟

ج : ریاسی -

س : جموں کی قدیم مسجد کا نام بتائیں؟

ج : جامع مسجد مست گڑھ -

س : بابا جیون شاہ کا مزار صوبہ کشمیر میں ہے یا جموں میں؟

ج : جموں -

س : جموں سیالکوٹ سے کتنی دور ہے؟

ج : تقریباً ۳۰ میل -

س : جموں سے سرینگر جانے والی سڑک کو کس نام سے پکارا جاتا ہے؟

ج : بانہال کارٹ روڈ -

س : بتایئے ضلع اودھم پور کا سارا علاقہ پہاڑی ہے یا میدانی؟

ج : پہاڑی -

س : اودھم پور کس دریا کے کنارے واقع ہے؟

ج : دریائے توی -

س : سانبہ جموں سے کتنی دور ہے؟

ج : ۲۵ میل -

س : پیر روشن شاہ ولیؒ کا مزار کہاں ہے؟

ج : جموں -

س : قدیم دور میں مظفرآباد کو کیا کہا جاتا تھا؟

ج : ضلع پہاڑ اور چکڑی -

چکڑی بہک

س : نامور کشمیری شاعر مقبول شاہ کرالہ واری بتایئے کہاں پیدا ہوئے؟

ج : کرالہ وار -

س : مثنوی "گلریز" کس کی مثنوی ہے؟

ج : مقبول کرالہ واری -

س : "آتشِ چنار" تحریک آزادی کشمیر کے موضوع پر کس کی نظموں کا مجموعہ ہے؟

ج : حبیب کیفوی -

س : بتایئے یہ شعر کس کا ہے؟

زندگی موت سے بدتر ہے طلب گاروں کی
تجھ کو حاصل نہ اگر وادیٔ کشمیر کریں

ج : حبیب کیفوی -

س : کانگڑی کس کے دور میں ایجاد ہوئی؟

ج : بڈشاہ -

س : شاہراہ ریشم چین کے کس علاقے سے ملتی ہے؟

ج : ژیاں ژیانگ -

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س: مظفرآباد کو کس بمبہ سلطان نے آباد کیا؟

ج: سلطان مظفرخاں۔

س: مظفرآباد راولپنڈی سے کتنی دور ہے؟

ج: ۱۳۸ کلومیٹر۔

س: قلعہ اسود دریائے نیلم کے کس کنارے پر واقع ہے؟

ج: دائیں۔

س: پیرچناسی مظفرآباد سے کتنی دور ہے؟

ج: ۱۴ کلومیٹر۔

س: مشہور بزرگ سائیں سہیلی سرکارؒ کا مزار کہاں ہے؟

ج: مظفرآباد۔

س: شاردی اور ناردی آزاد کشمیر کی دو مشہور پہاڑی چوٹیاں ہیں۔ بتایئے یہ شاردی اور ناردی کون تھیں؟

ج: دو ہندو شہزادیاں۔

س: آریاؤں اور منگولوں کی مخلوط نسلیں مظفرآباد کے کس علاقے میں آباد ہیں؟

ج: کیل۔

س: آزاد کشمیر میں عمارتی لکڑی سب سے زیادہ کہاں پیدا ہوتی ہے؟

ج: وادی نیلم۔

س: دنیا میں سب سے اعلیٰ دیودار کی لکڑی کہاں پیدا ہوتی ہے؟

ج: وادی نیلم۔

س: مظفرآباد کی کس خوبصورت وادی کو "کشمیر صغیر" کہا جاتا ہے؟

ج: وادی لیپہ۔

س: کنڈل شاہی مناظر فطرت کی دیدہ زیب آماجگاہ ہے بتلایئے یہ وادی جہلم میں ہے یا وادی نیلم میں؟

ج: وادی نیلم۔

س: وادی نیلم فطری حسن پرستوں کے لیے بے مثال سیاحتی مقام ہے بتایئے یہ مظفرآباد سے کتنی دور ہے؟

ج: ۹۵ کلومیٹر۔

س: دربار دھنی مائی صاحبہ آزاد کشمیر کے کس ضلع میں ہے؟

ج: مظفرآباد۔

س: مظفرآباد میں کونسے دو مشہور قلعے ہیں؟

ج: قلعہ پلیٹ۔ قلعہ اسود۔

س: قلعہ پلیٹ دریائے نیلم کے کس کنارے پر واقع ہے؟

ج: بائیں۔

س: جھیل گنگابل کشمیر کی مشہور جھیل ہے، ہندو اسے مقدس خیال کرتے ہیں اسی لیے اس میں مُردوں کی راکھ ڈالتے ہیں بتایئے یہ کس پہاڑ کے دامن میں واقع ہے؟

ج: کوہ ہرمکھ۔

س: چشمہ اچھ بل کے گرد تاریخی دیوار کس مغل شہنشاہ نے تعمیر کی تھی؟

ج: شاہ جہان۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : بتائیے چشمہ شاہی کے بارے یہ شعر کس کا ہے ؟

چشمہ شاہی کا منظر، رشکِ فردوس بریں
سلسبیل و کوثر و تسنیم سے بڑھ کر حسین

ج : عارف صدیقی ـ

س : شہنشاہ اکبر نے کشمیر میں کون سا باغ لگوایا جسے "جنتُ الدنیا" کا لقب دیا

ج : نسیم باغ ـ

س : نشاط باغ کس مغل شہنشاہ نے تعمیر کروایا تھا ؟

ج : شہنشاہ جہانگیر ـ

س : بتائیے "فرحت بخش شاہی" کشمیر کے کس مشہور باغ کی تاریخِ تکمیل ہے ؟

1030ھ

ج : شالامار باغ ـ

س : "داروغہ باغ" اور "لالہ رُخ باغ" ایک ہی باغ کے دو نام ہیں بتائیے یہ باغ کس ملکہ نے تعمیر کروایا ؟

ج : نورجہاں ـ

س : سری نگر کی تاریخی جامع مسجد کا مادہ تاریخ بتائیے ؟

ج : "جامع مسجد کشمیر"

س : شہنشاہ جہانگیر نے ۱۰۳۲ھ میں ملکہ نورجہاں کے نام پر ایک عظیم الشان مسجد تعمیر کی مسجد کا نام بتائیے ؟

ج : پتھر مسجد ـ

س : بتائیے حضور علیہ السلام کا موئے مبارک سرزمین کشمیر کی کس مسجد میں محفوظ ہے ؟

ج : مسجد حضرت بل ـ

س : سری نگر کی مشہور خانقاہ "خانقاہِ معلیٰ" کس مسلمان سلطان نے تعمیر کروائی ؟

ج : سلطان سکندر بُت شکن ـ

س : "خانقاہ حضرت پیر دستگیرؒ" کس افغان گورنر نے تعمیر کروائی ؟

ج : عبداللہ خاں ـ

س : بتائیے کشمیر پر مغلیہ خاندان نے کتنا عرصہ حکومت کی ؟

ج : ایک سو چھیاسٹھ سال ـ

س : بتائیے کشمیر پر سکھوں نے کتنا عرصہ حکومت کی ؟

ج : اٹھائیس سال ـ

س : سکھوں نے اپنے دور میں کن دو مسلمانوں کو ریاست جموں وکشمیر کا صوبیدار مقرر کیا ؟

ج : شیخ غلام محی الدین، شیخ امام دین ـ

س : بھمبر کے بزرگ عالم دین مولوی محمد دین صاحب کب فوت ہوئے ؟

ج : ۲۴ر نومبر ۱۹۸۹ء ـ

س : آزاد کشمیر کے کس شہر کو مدینۃ المساجد کہا جاتا ہے ؟

ج : کوٹلی ـ

س : بتائیے تحریکِ آزادیٔ کشمیر کے بزرگ راہنما سردار فتح محمد کریلوی کب فوت ہوئے ؟

ج : ۱۵ر مارچ ۱۹۸۹ء ـ

س : گوریلا تنظیم جموں وکشمیر لبریشن فرنٹ کے چیئرمین کا نام بتائیں ؟

ج : امان اللہ خان ـ

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : انڈین ایئر لائنز کا طیارہ بوئنگ ۷۳۷ اغوا کرنے والے چھ کشمیری حریت پسندوں کے نام بتائیں؟

ج : سید عبدالحمید دیوانی۔ محمد احسن راتھر۔ غلام رسول شاہین۔ عبدالرشید ملک۔ محمد رفیق۔ غلام نبی۔

س : بتایئے "ہدایت المسلمین" کشمیر کے کس صوفی شاعر کی منظوم پنجابی تصنیف ہے؟

ج : میاں محمد بخشؒ۔

س : بتایئے یہ کس کا قول ہے؟

"غلامی کے احساس کو ذہنوں سے نکال دو، قبیلائی، علاقائی اور فرقہ وارانہ تعصب کی زنجیروں کو توڑ دو اور مادرِ وطن کشمیر کی آزادی، عزت اور خودمختاری کے لیے قربانیوں بھری جدوجہد کے لیے تیار ہو جاؤ۔"

ج : شہیدِ کشمیر محمد مقبول بٹؒ۔

س : کشمیر کے مسئلے پر بھٹو، سورن سنگھ مذاکرات کب ہوئے جو بُری طرح ناکام ہو گئے؟

ج : ۱۹۶۳ء۔

س : روس نے مسئلہ کشمیر کو یو، این، او میں کب ویٹو کر دیا؟

ج : ۱۹۶۲ء۔

س : "کشمیر درپن" ہندی اور اردو میں شائع ہوتا تھا بتایئے اسے کب کس نے شائع کیا؟

ج ۱۸۹۸ء۔

س : میر واعظ مولانا محمد یوسف شاہ کب فوت ہوئے؟

ج : ۱۹۶۸ء۔

س : مسٹر کے ایچ خورشید نے آزاد کشمیر کی صدارت سے کب استعفیٰ دیدیا؟

ج : ۵ ر اگست ۱۹۶۴ء۔

س : بتایئے کرنل خان محمد خان کب فوت ہوئے؟

ج : ۱۱ ر نومبر ۱۹۶۱ء۔

س : کیپٹن حسین خاں نے تولی پیر کے معرکے میں کب جامِ شہادت نوش کیا؟

ج : ۱۱ ر نومبر ۱۹۴۷ء۔

س : لداخ میں چین کے ہاتھوں ہندوستان نے کب مار کھائی؟

ج : ۱۹۶۲ء۔

س : حضرت بل سے موئے مبارک کب چوری ہوا؟

ج : ۲۶ ر دسمبر ۱۹۶۳ء۔

س : بتایئے "عالمی سامراج اور کشمیر" کس کی تصنیف ہے؟

ج : عباس احمد آزاد۔

س : خلیفہ عبدالحکیم کس کشمیری خاندان سے تعلق رکھتے تھے؟

ج : ڈار۔

س : کشمیری زبان کے مشہور شاعر سوچھ کرال کس کے ہم عصر تھے؟

ج : محمود گامی۔

س : کشمیر کے مشہور صوفی شاعر نعمہ صائب کب پیدا ہوئے؟

ج : ۱۸۰۵ء۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : محمود گامی کشمیری زبان کے نامور شاعر گزرے ہیں بتائیے گامی کا کیا مطلب ہوتا ہے؟

ج : دیہاتی ۔

س : کشمیر کے کس صوفی شاعر نے اکثر زندگی بھیڑ بکریاں چرانے میں گزاری؟

ج : رحیم سوپوری ۔

س : سرتل (لڑکی ایک کشمیر کی) کس کشمیری خاتون کا ناول ہے؟

ج : بیگم محمودہ بشیر ۔

س : بتائیے یہ شعر کس عظیم شاعر کا ہے؟

توڑ اس دستِ جفا کیش کو یارب جس نے
روحِ آزادئ کشمیر کو پامال کیا

ج : علامہ اقبال رح ۔

س : سات زبانوں میں سات بند پر مشتمل نظم کس کشمیری شاعر نے لکھی؟

ج : صاحب کول ۔

س : حبیب اللہ نوشہری نے کشمیری کے علاوہ اور کس زبان میں شاعری کی؟

ج : فارسی ۔

س : ارنی مال، حبہ خاتون سے کتنے سو سال بعد پیدا ہوئی؟

ج : دو سو سال ۔

س : مثنوی "احوال الآخرت" کشمیری زبان میں کس کی مثنوی ہے؟

ج : ثناء اللہ کریری ۔

س : شاہراہ قراقرم کو دنیا کا کتنے نمبر عجوبہ قرار دیا گیا ہے؟

ج : آٹھ ۔

س : وادی خپلو میں سید علی ہمدانی نے "شق چن" مسجد تعمیر کروائی بتائیے شق چن کا کیا مطلب ہے؟

ج : انصاف کرنے والا ۔

س : بتائیے کشمیری زبان میں بائیں ہاتھ سے کام کرنے والے کو کیا کہتے ہیں؟

ج : کھُشو ۔

س : ٹینگ مشہور کشمیری خاندان ہے بتائیے کشمیری میں ٹینگ کا کیا مطلب ہے؟

ج : ٹیلہ ۔

س : مظفر آباد میں سب سے پہلی انجمن بزم ادب کب قائم ہوئی؟

ج : ۱۹۴۹ء ۔

س : پنڈت پریم ناتھ بزاز کی انگریزی تصنیف "آزاد کشمیر" کا اردو ترجمہ کس نے کیا؟

ج : عبدالحمید نظامی ۔

س : آل انڈیا کشمیر کمیٹی کا قیام کب عمل میں آیا؟

ج : ۲۵ جولائی ۱۹۳۱ء ۔

س : رنجن شاہ کے دور میں ریاست کی سرکاری زبان کیا تھی؟

ج : سنسکرت ۔

س : "کفایہ منصوری" بڈشاہ کے کس شاہی طبیب کی تصنیف ہے؟

ج : حکیم منصور ۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : عبدالوہاب شائق نے فارسی زبان میں کشمیر کی منظوم تاریخ لکھی ہے۔
اس کے کل کتنے اشعار ہیں؟

ج : ساٹھ ہزار۔

س : پرنس آف ویلز کالج سے سب سے پہلے کس مسلمان طالب علم نے بی
اے کی ڈگری لی؟

ج : مولوی محمد حسن۔

س : "اے وطن" وطن کشمیر سے محبت بھرے جذبات کی خوبصورت نظم ہے
بتائیے یہ کس نے لکھی؟

ج : خواجہ شبیر احمد حسرت۔

س : بتائیے یہ بات کس نے کہی؟
"کشمیر کی ہوا میں سانس لینا گویا شعرستان میں رہنا ہے"۔

ج : مسز جی سی بروس۔

س : کشمیریوں کی ایک ذات "شال" بہت مشہور ہے، "شال" کشمیری لفظ ہے
اس کا مطلب بتائیں؟

ج : گیدڑ۔

س : قدیم دور میں کشمیر کے کس درخت کی چھال پر لکھائی کی جاتی تھی؟

ج : بھوج پتر۔

س : آزاد جموں وکشمیر کی قانون ساز اسمبلی کتنے ارکان پر
مشتمل ہوتی ہے؟

ج : اڑتالیس۔ 49

س : دریائے گلگت کس دریا میں گرتا ہے؟

ج : دریائے سندھ۔

س : آزاد کشمیر کی کل کتنی آبادی ہے؟

ج : ۲۵ لاکھ۔

س : کشمیری زبان میں "بوئی" کسے کہتے ہیں؟

ج : بھائی۔

س : بنجوسہ کا دوسرا نام بتائیں؟

ج : چھوٹا گلہ۔

س : بتائیے "قصیدہ بدر الدجیٰ" عربی زبان میں کس عالم دین نے لکھا؟

ج : میر عبداللہ بیہقی۔

س : بتائیے یہ شعر کس مسلمان سلطان کا ہے؟

بریادِ دو زلفِ بُتِ کشمیر نثرا دے
شدتار سر و مار سراز گریہ چشم

ج : یوسف شاہ چک۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : ریاست جموں وکشمیر کی پہلی دستور ساز اسمبلی کب بنی ؟

ج : ۱۹۳۴ء -

س : مقبوضہ کشمیر کی دستور ساز اسمبلی کب بنی ؟

ج : ۱۹۵۲ء -

س : مقبوضہ کشمیر میں روضۃ الشہداء کن شہیدوں کی یادگار ہے ؟

ج : شہدائے ۱۳ جولائی -

س : چوہدری غلام عباس جموں سے رہا ہوکر کب پاکستان آئے ؟

ج : مارچ ۱۹۴۸ء -

س : مہاراجہ رنبیر سنگھ کہاں پیدا ہوا ؟

ج : قلعہ رام گڑھ -

س : پرتاب سنگھ لاولد مرا اس کا ایک دوسرا بھائی بھی لاولد مرا اس کا نام بتائیں ؟

ج : رام سنگھ -

س : شیخ عبداللہ کب فوت ہوئے ؟

ج : ۸ر ستمبر ۱۹۸۳ء -

س : اندرا عبداللہ گٹھ جوڑ کب ہوا ؟ (دہلی ایکارڈ)

ج : ۲۴ر فروری ۱۹۷۵ء -

س : رنجیت سنگھ نے کن تین بھائیوں کو جموں، پونچھ اور رام نگر کی جاگیریں عطا کیں ؟

ج : گلاب سنگھ، دھیان سنگھ، سچیت سنگھ -

س : ۲۵۰ ق م میں کس نے کشمیر کو فتح کیا ؟

ج : اشوک -

س : مہاراجہ گلاب سنگھ کو عرفِ عام میں کیا کہتے تھے ؟

ج : گلابو -

س : "تذکرۃ الواصلین" اور "تذکرۃ الکاملین" کس کی تصانیف ہیں ؟

ج : خواجہ ثناءاللہ خراباتی -

س : بتائیے خواجہ ثناءاللہ خراباتی نے فارسی میں تقریباً کتنی منظوم کتابیں لکھیں ؟

ج : ایک سو -

س : بھارت نے کرگل سیکٹر (آزاد کشمیر) کی فوجی چوکیوں پر کب قبضہ کیا ؟

ج : مئی ۱۹۶۵ء -

س : اقوام متحدہ کے کس جنرل سیکرٹری نے ۱۹۶۵ء میں صدر ایوب اور وزیر اعظم شاستری سے جنگ بندی کی اپیل کی ؟

ج : اوتھان -

س : سری نگر کا شالیمار باغ کس نے لگوایا ؟

ج : جہانگیر -

س : "مراسلۂ کشمیر" لاہور سے کب جاری ہوا ؟

ج : ۱۸۸۰ء -

س : علامہ اقبالؒ نے لاہور سے شیخ عبداللہ کو ایک انتہائی اہم خط لکھا بتائیے کب ؟

ج : ۱۲ر اکتوبر ۱۹۳۳ء -

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : پنجۂ فولاد اخبار کس نے جاری کیا ؟

ج : منشی محمد دین فوق ۔

س : ۱۹۳۹ء میں مظفر آباد سے ماہنامہ "مساوات" کس نے جاری کیا ؟

ج : سیّد علی اکبر شاہ ۔

س : مشہور شاعر چراغ حسن حسرت کہاں پیدا ہوئے ؟

ج : پونچھ ۔

س : "تاریخ سیّد علی" ایک نادر تصنیف ہے جو آج تک چھپ نہیں سکی بتایئے چکوں کے دور میں یہ کس نے لکھی؟

ج : سیّد علی متولی ۔

س : ڈاکٹر غلام محی الدین صوفی کب پیدا ہوئے ؟

ج : ۳۰ جون ۱۸۸۶ء ۔

س : نامور مؤرخ پیر غلام حسن کھوئی ہامی نے اپنی وفات کا مادہ تاریخ خود کہا بتایئے کیا ؟

ج : "یافت حسن بہشت" ۱۳۱۶ھ ۔

س : ۱۹۴۰ء سے قبل ریاست میں تمام پریس ہندوؤں کے پاس تھے کن دو مسلمان اصحاب نے مل کر جاوید پریس قائم کیا؟

ج : اے، آر ساغر ۔ پروفیسر اسحاق قریشی ۔

س : مولانا ظفر علی خان کے والد منشی سراج الدین کشمیر میں کس عہدے پر کام کرتے تھے ؟

ج : ڈاکخانوں کے سپرنٹنڈنٹ ۔

س : "دکھیا دیس" جموں کے کس افسانہ نگار کا افسانوی مجموعہ ہے ؟

ج : نرسنگداس نرگس ۔

س : قدرت اللہ شہاب جموں کے مایہ ناز فرزند تھے بتایئے مہاراجہ ہری سنگھ کو ان سے ملنے کا شوق کیوں پیدا ہوا ؟

ج : مضمون نویسی کا عالمی مقابلہ جیتنے کی وجہ سے ۔

س : "کشمیر میں اسلام" کس کا طویل ترین مضمون ہے ؟

ج : محمد اسد اللہ قریشی ۔

س : یومِ چراغ حسن حسرت کب منایا جاتا ہے؟

ج : ۲۲ جون ۔

س : "میری پاکستان یاترا" اور "انسانیت ابھی زندہ ہے" دورِ جدید کے کس نامور کشمیری صحافی کی تصانیف ہیں ؟

ج : ملک راج صراف ۔

س : شعر مکمل کریں ؛

"کہہ دو نہرو سے کہ الجھنا ہم سے تمہارا ہے بے سود"

ج : ٹل نہیں سکتا عزم ہمارا لے کے رہیں گے ہم کشمیر"

س : شیکسپیئر کے مشہور ڈرامے "جولیس سیزر" کا کس کشمیری ڈرامہ نگار نے کشمیری زبان میں ترجمہ کیا ؟

ج : ناجی منوّر ۔

س : "ہی مال" کس کا ڈرامہ ہے ؟

ج : جیالال جلالی ۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : علی محمد لون کے کس ڈرامے کو ۱۹۶۴ء میں بہترین ڈرامہ قرار دیا گیا؟

ج : "ستیا"۔

س : مشہور ادبی مجلے "شیرازہ" نے ڈرامہ نمبر کب شائع کیا؟

ج : ۱۹۷۰ء۔

س : "قربانی"، "دُلہن" اور "چنڈال" ٹیگور کے مشہور ڈرامے ہیں اِن کا کشمیری میں کس نے ترجمہ کیا؟

ج : نور محمد روشن۔

س : مشہور کشمیری مجذوبہ للہ عارفہ نے یہ بات کس سے کہی؟
"پی کیوں نہیں پیتا، پیدا ہونے میں شرم محسوس نہ کی اب دودھ پینے میں شرم محسوس کرتا ہے"

ج : شیخ نورالدین ولیؒ۔

س : بتائیے "بگڑے دل" "فطری موت" اور "تین ٹوپیاں"۔ جموں سے تعلق رکھنے والی کس مایہ ناز شخصیت کی تصانیف ہیں؟

ج : صاحبزادہ محمد عمر۔

س : یہ شعر کس کا ہے؟

ذرہ ذرہ ہے میرے کشمیر کا مہماں نواز
راہ میں پتھر کے ٹکڑوں نے دیا پانی مجھے

ج : پنڈت چکبست۔

س : دریائے جہلم پر کونسا عظیم الشان ڈیم تعمیر کیا گیا ہے؟

ج : منگلا ڈیم۔

س : دریائے جہلم کے منبع کا نام بتائیں؟

ج : چشمہ ویری ناگ۔

س : ریاست جموں وکشمیر کے چار بڑے دریاؤں کے نام بتائیں؟

ج : سندھ، جہلم، چناب، راوی۔

س : دریائے سندھ کو دریائے اباسین بھی کہا جاتا ہے، اباسین کا مطلب بتائیں؟

ج : دریاؤں کا باپ۔

س : دریائے سندھ تبت سے نکلتا ہے اس کا منبع ایک جھیل ہے، جھیل کا نام بتائیں؟

ج : جھیل مانسرور۔

س : ڈوگرہ عہد میں ریاست جموں وکشمیر میں فوج کی تیرہ بٹالینیں تھیں ان میں سے کتنی مسلمانوں کی تھیں؟

ج : صرف ایک۔

س : ہری سنگھ ڈوگرہ نے بھارت کے ساتھ نام نہاد الحاق کا اعلان کس تاریخ کو کیا؟

ج : ۲۶ اکتوبر ۱۹۴۷ء۔

س : گولڈ سمتھ کے ڈرامے "SHE STOPS TO CONQUER" کا ترجمہ کشمیری میں کس نے کیا؟

ج : اوتار کرشن راہبر۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : قائداعظم نے یہ بات کس سے کہی تھی؟
"جتنی تمہاری عمر ہے اتنا عرصہ میں سیاست میں گزار چکا ہوں"

ج : شیخ عبداللہ۔

س : کے ایچ خورشید نے جب قائداعظم کے ساتھ کام کرنا شروع کیا اس وقت ان کی عمر کتنی تھی؟

ج : ۲۱ سال۔

س : علمدارِ کشمیر کسے کہا جاتا ہے؟

ج : شیخ نورالدین ولیؒ۔

س : حضرت شیخ نورالدین ولیؒ کشمیر میں کس سلسلہ تصوف کے علمبردار تھے؟

ج : رشی سلسلہ۔

س : لل ماج، لل دیدی اور لل ایشوری کس مشہور کشمیری شخصیت کے مختلف نام ہیں؟

ج : للہ عارفہ۔

س : دریائے جہلم کا پرانا نام بتائیں؟

ج : وتستا۔

س : "شہاب نامہ" کس نامور کشمیری شخصیت کی تصنیف ہے؟

ج : قدرت اللہ شہاب۔

س : دنیا کی دوسری بڑی چوٹی کونسی ہے اور کہاں واقع ہے؟

ج : کے ٹو۔ کشمیر میں۔

س : بتایئے یہ کس کشمیری شاعر کا قطعہ ہے؟

رہی نہ خاک بھی اب میرے آشیانے کی
ادا نہ بدلی تری بجلیاں گرانے کی
ہے سرد مہری احباب کا گلہ بے جا
ہوا ہی جب نہ موافق رہی زمانے کی

ج : صادق۔

س : وادیٔ سندھ کشمیر میں کہاں واقع ہے؟

ج : کوہ قراقرم اور کوہ ہندوکش کے درمیان۔

س : کشمیر کی بلند ترین چوٹی کے ٹو کس کوہستانی سلسلے میں واقع ہے؟

ج : سلسلہ قراقرم۔

س : ہندواڑہ کا وہ آتش فشاں پہاڑ سطح سمندر سے کتنا اونچا ہے جو ۱۸۲۸ء میں ایک ماہ تک اور ۱۷۷۸ء میں پورا سال آگ اُگلتا رہا؟

ج : ۱۸۳۰ میٹر۔

س : دریائے نیلم کا پرانا نام بتائیں؟

ج : کشن گنگا۔

س : دریائے توی گلگت میں ہے یا جموں میں؟

ج : جموں میں۔

س : "دبستانِ مذاہب" فارسی کے کس نامور کشمیری عالم کی تصنیف ہے؟

ج : ملا محسن فانی۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : شعر مکمل کریں؟

بدل جائے گی آخر صبح روشن سے یہ تاریکی

"کرن خورشید کی کوئی نہ کوئی پھوٹتی ہوگی"

ج :

س : ریاست جموں وکشمیر میں سٹیٹ سبجیکٹ کا قانون کب نافذ کیا گیا؟

ج : ۱۹۲۷ء ۔

س : دریائے جہلم پر حبہ کدل کس کے نام پر بنایا گیا؟

ج : حبہ خاتون ۔

س : حبہ خاتون کتنا عرصہ کشمیر کی ملکہ رہی؟

ج : ۱۴ ر برس ۔

س : مرزا حیدر دوغلات نے تاریخ رشیدی میں بلتستان کو کیا لکھا ہے؟

ج : بلورستان ۔

س : گلگت کس لفظ سے بنا ہے اس کے کیا معنی ہیں؟

ج : گری گت، پہاڑوں میں گھرا ہوا ۔

س : ریاست جموں وکشمیر اقوام متحدہ کے کتنے ممبر ممالک سے بلحاظ رقبہ بڑی ریاست ہے؟

ج : 110 ممالک ۔

س : کے، ایچ خورشید کب پیدا ہوئے؟

ج : ۳ جنوری ۱۹۲۴ء

س : کے، ایچ خورشید کے والد کا نام کیا تھا؟

ج : مولوی محمد حسن،

س : بتایئے یہ قول کس کا ہے؟

ہم دشمن کو سکون سے نہیں بیٹھنے دیں گے۔ دریاؤں میں، پہاڑوں میں، جنگلوں میں، گھروں میں، فیکٹریوں میں اور دفتروں میں ہر جگہ اس کا تعاقب کرینگے"

ج : مقبول بٹ شہیدؒ ۔

س : بتایئے تحریک آزادی کشمیر کے بزرگ کارکن آغا شوکت علی لاہور سے کونسا سہ ماہی رسالہ نکالتے ہیں؟

ج : ویژن ۔

س : مسدس حالی کا منظوم کشمیری ترجمہ کس نامور کشمیری شاعر نے کیا؟

ج : محی الدین حاجنی ۔

س : کہا جاتا ہے کہ کشمیری زبان کی اوّلین نثری کتاب "ملند بائنہ" ہے بتایئے یہ کس نے لکھی تھی؟

ج : ناگ سین ۔

س : "محکمہ دیہات سدھار" کونسا رسالہ شائع کیا کرتا تھا؟

ج : دیہاتی دنیا ۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : بتائیے سعودی عرب، آسٹریا، انگولا، تیونس اور سوئٹزرلینڈ میں سے کس ملک کی آبادی کشمیر سے زیادہ ہے؟

ج : کسی کی بھی نہیں۔

س : "سفرنامہ بخارا" کو ریاست جموں وکشمیر میں اردو کی پہلی تصنیف قرار دیا جاتا ہے بتائیے یہ کس کی تصنیف ہے؟

ج : شیر سنگھ۔

س : طاہر رفیق اور غنی کاشمیری کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟

ج : باپ، بیٹا۔

س : "بریشم قبا خواجہ" کس کی مشہور فارسی نظم ہے؟

ج : غنی کاشمیری۔

س : کشمیر کی نور جہاں کسے کہا جاتا ہے؟

ج : حبہ خاتون۔

س : مشہور کشمیری شاعرہ حبہ خاتون کے خاوند کا کیا نام تھا؟

ج : عزیز لون۔

س : "مس فاطمہ جناح کے شب و روز" کس کی تصنیف ہے؟

ج : بیگم ثریا خورشید۔

س : سیاچن گلیشئر کی دریافت کب ہوئی؟

ج : ۱۸۵۰ء۔

س : کشمیری زبان میں سیک کسے کہتے ہیں؟

ج : ریت۔

س : ناروے اور اسرائیل کی آبادی تقریباً برابر ہے بتائیے دونوں کی آبادی مل کر کشمیر کی آبادی سے زیادہ بنتی ہے یا کم؟

ج : کم۔

س : ہمالیہ سنسکرت زبان کا لفظ ہے اس کے معنی بتائیں؟

ج : برف کا گھر۔

س : سلسلہ کوہ ہمالیہ کی لمبائی بتائیں؟

ج : ۲۵۰۰ کلومیٹر۔

س : دریائے سندھ کو بلتستان کے مقامی لوگ کس نام سے پکارتے ہیں؟

ج : سنگے کھابب۔

س : مشہور کشمیری مثل ہے "زوہ ہندہ خاطرہ بزیازٹ نالہ کرٹن" اس کے معنی بتائیں؟

ج : "کیا جوں کی خاطر کرتے کو اتار پھینکنا مناسب ہے۔"

س : دو جلدوں پہ مشتمل کشمیر کی مستند اور جامع تاریخ "KASHIR" کس کی تصنیف ہے؟

ج : ڈاکٹر غلام محی الدین صوفی۔

س : بارہ مولا میں میر محمد جانباز ولیؒ کا عرس کب منایا جاتا ہے؟

ج : ۲۴ ربیع الاول۔

س : پاکستان میں ثمینہ اشرف نے کشمیری زبان میں افسانے لکھے ان کے کسی افسانے کا نام بتائیں؟

ج : ہا پتھ نژن۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س: اولین کشمیری افسانہ نگار کسے کہا جاتا ہے؟
ج: سوم ناتھ زتشی۔
س: "جوابی کارڈ" کس کا افسانہ ہے؟
ج: دینا ناتھ نادم۔
س: بتایئے "کوکر جنگ" کا کیا مطلب ہے یہ کس کا افسانہ ہے؟
ج: مرغوں کی لڑائی۔ امین کامل۔
س: "پوشہ تھر" کشمیری لوک کہانیوں کا مجموعہ ہے یہ کب اور کس نے لکھیں؟
ج: ۱۹۵۵ء نور محمد روشن۔
س: امر سنگھ کالج سے کونسا کشمیری میگزین نکلا کرتا تھا؟
ج: لالہ رخ۔
س: مہجور کو "گاش" اخبار جاری کرنے کا مشورہ کس نے دیا؟
ج: ابوالکلام آزاد۔
س: پاکستان کے کس ادبی رسالے نے مفصل اور جامع کشمیر نمبر نکالا؟
ج: "ادبی دنیا"۔
س: پاکستان میں استعمال ہونے والی بجلی کا کتنا فیصد منگلا ڈیم فراہم کرتا ہے؟
ج: ۳۵ رفیصد۔
س: ڈاکٹر سید محمد یوسف بخاری کب پیدا ہوئے؟
ج: ۲۹ راپریل ۱۹۴۰ء۔
س: بتایئے کشمیری ادب میں افسانہ کس صدی کے کس حصے میں داخل ہوا؟
ج: بیسویں صدی۔ وسط۔

س: مہاراجہ رنبیر سنگھ نے کس مایہ ناز مسلمان ادیب اور مؤرخ سے ڈوگرہ راج کی توصیفی تاریخ لکھوانی چاہی لیکن انہوں نے انکار کر دیا؟
ج: محمد حسین آزادؒ۔
س: میلہ حضرت شیخ نورالدینؒ کب لگتا ہے؟
ج: ۲۶ پوہ۔
س: یہ شعر کس کا ہو سکتا ہے؟

فوق! ہاں تو نے جگایا ملتِ کشمیر کو
تو نے بدلا ملتِ کشمیر کی تقدیر کو

ج: نیاز کاشمیری۔
س: بتایئے یہ قول کشمیر کے کس عظیم سپوت کا ہے؟
"مجھے کامل یقین ہے کہ میرے وطن کے اُفق پہ آزادی کا سورج طلوع ہو کر رہے گا اور ہمارے دِلوں پر کھینچی گئی یہ منحوس لکیر مٹ کر رہے گی۔"
ج: شہیدِ کشمیر محمد مقبول بٹؒ۔
س: ان دو کشمیری حریت پسندوں کے نام بتائیں جو عرصہ دراز تک شہید کشمیر مقبول بٹؒ کے ہمراہ پابندِ سلاسل رہے اور آخر ۱۹۸۸ء کو بھارت نے انہیں رہا کر کے پاکستان بھیج دیا؟
ج: ریاض ڈار۔ حمید بٹ۔
س: معدنی دولت کی تلاش کے لیے آزاد کشمیر میں جو محکمہ کام کر رہا ہے اس کا نام بتائیں؟
ج: "A.K.M.I.D.C."

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س: بتایئے لفظ "آزاد کشمیر" سب سے پہلے کب اور کہاں استعمال ہوا؟

ج: ۱۲ر مئی ۱۹۴۶ء "کسان مزدور کانفرنس" منعقدہ اننت ناگ ۔

س: آزاد کشمیر میں بیمونائٹ کہاں سے نکلتا ہے؟

ج: ریشیاں ۔

س: دریائے سندھ کی تہہ میں کون کون سی قیمتی دھاتوں کے ذرات پائے جاتے ہیں؟

ج: تانبا، سونا ۔

س: کشمیر کا مشہور پہاڑی سلسلہ پیر پنجال ہے اس کی لمبائی اور چوڑائی بتائیں؟

ج: لمبائی ۲۸۸ کلومیٹر چوڑائی ۵۰ کلومیٹر ۔

س: کشمیر کا بلند ترین گلیشیئر کونسا ہے اس کی لمبائی کتنی ہے؟

ج: بالتورو ۱۳۰ کلومیٹر ۔

س: کوہ نانگا پربت گلگت میں واقع ہے اس کی اونچائی بتائیں؟

ج: ۸۱۲۶ میٹر ۔

س: للہ واکھ کا انگلش ترجمہ سب سے پہلے کس انگریز نے کیا؟

ج: سر رچرڈ ٹمپل ۔

س: ای، ایف نیو نے "کشمیری میڈ ایزی" لکھی بتایئے کس سن میں؟

ج: ۱۹۲۴ء ۔

س: ریاست کے شمالی علاقہ جات میں پاکستان کا کونسا محکمہ معدنی دولت کا کھوج لگا رہا ہے؟

ج: "P.M.D.C."

س: آباد دنیا کا سب سے بڑا گلیشیئر کونسا ہے اور کہاں واقع ہے؟

ج: سیاچن گلیشیئر ۔ کشمیر میں ۔

س: ریاست جموں و کشمیر کے کتنے فیصد لوگ زراعت پیشہ ہیں؟

ج: ۸۰ رفیصد ۔

س: ضلع مظفرآباد میں شونٹھ کے مقام سے کونسا قیمتی پتھر نکلتا ہے؟

ج: یاقوت ۔

س: آزاد کشمیر کا علاقہ کہاں سے شروع ہو کر کہاں تک پھیلا ہوا ہے؟

ج: افتخار آباد (تاؤ) تاڑبٹ ۔

س: آزاد کشمیر میں بولی جانے والی چار بڑی زبانیں کون کونسی ہیں؟

ج: اردو، گوجری، پہاڑی، کشمیری ۔

س: "تذکرۃ العارفین" کس کشمیری بزرگ کی تصنیف ہے؟

ج: بابا علی رینہ ۔

س: "سون رسول پاکؐ" کشمیری زبان میں سیرت النبیؐ کی سب سے پہلی کتاب ہے ۔ بتایئے یہ کس نے لکھی؟

ج: ڈاکٹر سید محمد یوسف بخاری ۔

س: ایشیاء میں زعفران کی فصل سب سے زیادہ کہاں پیدا ہوتی ہے؟

ج: کشمیر ۔

س: کشمیر میں لاتعداد اقسام کی مچھلی پائی جاتی ہے، کونسی دو اقسام قیمتی، لذیذ اور عالمی شہرت یافتہ ہیں؟

ج: ٹراؤٹ، مہاشیر ۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : کہا جاتا ہے کہ "صوبہ جموں میں پائے جانے والے وسیع و عریض دیسی آموں کے باغات کی نظیر دنیا بھر میں نہیں ملتی" بتایئے یہ باغات کن علاقوں میں بکثرت پائے جاتے ہیں؟

ج : دیوا ، وٹالہ -

س : جھیل ولر سے تقریباً کتنے من مچھلی روزانہ پکڑی جاتی ہے ؟

ج : ساٹھ من -

س : کشمیری شاعری میں کس شاعر کا نام طنز و ظرافت میں سرِ فہرست آتا ہے؟

ج : مقبول شاہ کرالہ واری -

س : "شیشہ تہ سنگستان" کس کشمیری ڈرامہ نگار کا ڈرامہ ہے ؟

ج : اختر محی الدین -

س : "کشمیر میں فارسی ادب کی تاریخ" کس کی تصنیف ہے ؟

ج : پروفیسر عبدالقادر سروری -

س : پارہ عمّ کا کشمیری ترجمہ سب سے پہلے کس نے کیا ؟

ج : مولوی محمد یحییٰ -

س : کشمیر کی سب سے قیمتی فصل کونسی ہے ؟

ج : زعفران -

س : زعفران کی فصل کتنے دنوں میں پک کر تیار ہو جاتی ہے ؟

ج : ۳۰ دن -

س : کشمیر میں قالین بافی کی صنعت کس حکمران خاندان کے دور میں قائم ہوئی ؟

ج : شاہ میری خاندان -

س : ریاست جموں وکشمیر میں قالین بافی کا سب سے پہلا کارخانہ کس غیر ملکی باشندے نے لگایا ؟

ج : سی ، ایم ہیڈو -

س : "مشرق میں لکھنے کے لیے سب سے اچھا کاغذ کشمیر میں ہی بنتا ہے" بتایئے یہ الفاظ کس کے ہیں ؟

ج : جارج فاسٹر -

س : ضلع کوٹلی میں کس جگہ سے سنگِ مرمر نکالا جاتا ہے ؟

ج : دھنوان

س : مشہور پادری ناولز نے "ڈکشنری آف کشمیری پروز" کب لکھی ؟

ج : ۱۸۸۵ء -

س : مہجور کے اخبار گاش کا پہلا پرچہ کب نکلا ؟

ج : ۳۱ ساون ۱۹۹۷ بکرمی -

س : کشمیر میں توپ خانے کا استعمال کس سلطان کے دور میں ہوا ؟

ج : شہاب الدین -

س : روپیہ بھٹ کس مسلمان سلطان کے دور میں علم النحو کا ماہر گزرا ہے ؟

ج : بڈشاہ -

س : سری نگر سے لداخ کتنی دور ہے ؟

ج : سوا دو سو میل -

س : "کشمیر کے شہید" کس کی نظم ہے ؟

ج : قیس شروانی -

www.SyedAliAhmed.tk

س : بتائیے کس عظیم بادشاہ کے دور میں کشمیر کی سرحدیں تبت ، کابل ، سندھ اور دلی تک پھیل گئیں؟

ج : شہاب الدین۔

س : کے ایچ خورشید کے بارے یہ بات کس نے کہی تھی؟

"KHURSHID WILL BE A GREAT MAN"

ج : قائداعظمؒ۔

س : "کشمیر اور لداخ میں بدھ مت" کس کی تصنیف ہے؟

ج : جے این گنہار ۔ پی این گنہار ۔

س : یہ قطعہ کس کشمیری شاعر کا ہے؟

ہے دعا خاک وطن ہی سے کوئی مرد اٹھے
صاحبِ عزم! کسی گھر سے کوئی فرد اٹھے
یا اٹھے گرد کسی مرد کی تربت سے کہیں
یا بدل دے جو دلوں کو وہ کوئی درد اُٹھے

ج : شجر طہرانی۔

س : کشمیر کے چک خاندان کا جدِ اعلیٰ لنکر چک کس مذہب کا پیروکار تھا؟

ج : بدھ مت۔

س : پانڈو چک کے کتنے بیٹے تھے ان کے نام بتائیں؟

ج : دو ۔ ہمت اور حسین ۔

س : بڈشاہ نے راج ترنگنی کا فارسی میں ترجمہ کروایا بتائیے اسکا نام کیا رکھا؟

ج : بحر الاثمار۔

س : دریائے سندھ کتنا فاصلہ طے کر کے بحیرۂ عرب میں گرتا ہے؟

ج : ۲۸۸۰ کلومیٹر۔

س : بتائیے KASHMIRIS FIGHT—FOR FREEDOM کس کی تصنیف ہے؟

ج : جسٹس محمد یوسف صراف۔

س : قضبہ، نصقان، بقرعہ، نشقر اور رشکہ کشمیری زبان کے الفاظ ہیں ان کا مطلب بتائیے؟

ج : قبضہ، نقصان، برقعہ، نقشہ، رکشہ۔

س : کشمیر کی قدیم تاریخ راج ترنگنی میں پونچھ کا کیا نام آیا ہے؟

ج : پرنوتسہ۔

س : "گلہائے کشمیر" کس کا فارسی مجموعۂ کلام ہے؟

ج : صابر آفاقی۔

س : افغان سپہ سالار نورالدین بامزئی نے پونچھ کے کس سردار کو شکست دے کر اہلِ پونچھ کو افغانوں کے مطیع کیا؟

ج : سردار فقیر اللہ کنٹھ۔

www.AJKOnline.tk
www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : حضرت شاہ ہمدانؒ صوفیہ کے کس سلسلے سے تعلق رکھتے تھے ؟

ج : کبرویہ ۔

س : "اپنے گمشدہ بچوں کی یاد میں" کس کشمیری شاعر کی دردناک نظم ہے ؟

ج : حبیب اللہ کوثر ۔

س : ڈوگرہ حکومت نے حفیظ جالندھری کو ریاست بدر کر دیا بتائیے کب ؟

ج : جولائی ۱۹۴۶ء ۔

س : "DEFENDING KASHMIR" ۱۹۴۹ء میں کس نے شائع کی ؟

ج : بھارتی وزارتِ اطلاعات ۔

س : شعر مکمل کریں ؟

ساحل پر حرف ریت ہے موتی عمق میں ہیں

ج : "غواص بن کر زیست کو تہہ تک کھنگا لیئے"

س : محاذ رائے شماری کی بنیاد کب رکھی گئی ؟

ج : ۹ اگست ۱۹۵۵ء ۔

س : کشمیر میں کونسا فنِ تعمیر مقبول رہا ہے ؟

ج : چوب کاری ۔

س : سرینگر کی تاریخی جامع مسجد سب سے پہلے کب اور کس نے تعمیر کروائی ؟

ج : ۱۴۰۱ء سلطان سکندر نے ۔

س : سید جمال الدین علائی کس کے ہمراہ وادئ کشمیر میں تبلیغ اسلام کے لیے آئے ؟

ج : سید علی ہمدانیؒ ۔

س : تلک اچاریہ کس کے دورِ حکومت میں سنسکرت کا مشہور عالم گزرا ہے ؟

ج : بڈشاہ ۔

س : بڈشاہ کے کسی حاذق طبیب کا نام بتائیں ؟

ج : شری بٹ ۔

س : "DANGER IN KASHMIR" کس کی تصنیف ہے ؟

ج : جوزف کاربل ۔

س : یہ مظفرآباد سے تعلق رکھنے والے کس شاعر کا شعر ہے ؟

اک شاخ جل گئی تو اٹھا جنگلوں میں شور
کتنے درخت شہروں میں چپ چاپ جل گئے

ج : منور قریشی ۔

س : درہ زوجیلا کشمیر کا انتہائی اہم درہ ہے اس کی بلندی کتنی ہے ؟

ج : ۱۱۳۰۰ فٹ ۔

س : درہ قراقرم کی بلندی کتنی ہے ؟

ج : ۱۸۲۹۰ فٹ ۔

س : وادئ ہنزہ کے شمال میں کونسا درہ چین کو جاتا ہے ؟

ج : درہ خنجراب ۔

س : دریائے چناب کونسی دو مشہور ندیوں کے ملنے سے بنتا ہے ؟

ج : چندرا اور بھاگا ۔

س : "ہنگامۂ کشمیر" کس کی نظموں کا مجموعہ ہے ؟

ج : حبیب اللہ کوثر ۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : سلطان زین العابدین نے جھیل وولر کے کنارے ایک چھوٹا سا جزیرہ بنایا تھا اس کا نام بتائیں؟

ج : زینہ لنک ۔

س : چاول اور مچھلی کشمیریوں کی مرغوب غذا ہے ۔ بتایئے چاول ریاست کے کس حصے میں بکثرت ہوتے ہیں؟

ج : کشمیر ویلی میں ۔

س : دیوان کرپا رام نے ۱۸۷۰ء میں تاریخ کشمیر کی کونسی کتاب لکھی؟

ج : "گلزارِ کشمیر" ۔

س : اس درّے کا نام بتائیں جو وادی کشمیر کو بھمبر سے ملاتا ہے؟

ج : بدھل پاس ۔

س : کشمیر کی اس عظیم سڑک کا نام بتائیں جو وسطی ایشیاء کو جاتی ہے؟

ج : شاہراہ ریشم ۔

س : چشمہ کیلاش سے کونسا دریا نکلتا ہے؟

ج : دریائے توی ۔

س : ست پارہ جھیل کہاں واقع ہے؟

ج : اسکردو ۔

س : کشمیر میں مقبرہ سلطان کس کا مقبرہ ہے اور یہ کہاں ہے؟

ج : سلطان شمس الدین ۔ سنبھلی ۔

س : جموں سے سرینگر کتنی دور ہے؟

ج : ۲۰۵ میل ۔

س : خان بابا جموں کے مشہور شاعر گزرے ہیں ان کا اصل نام کیا تھا؟

ج : ڈاکٹر بشیر محمد خان ۔

س : "انقلابِ کشمیر" کس کی تصنیف ہے؟

ج : سیّد غلام حسن کاظمی ۔

س : ایشیاء کی سب سے بڑی سُرنگ کشمیر میں ہے اس کا نام بتائیں؟

ج : بانہال ٹنل ۔

س : اس سڑک کا نام بتائیں جو آزاد کشمیر کو صوبہ سرحد سے ملاتی ہے؟

ج : کشمیر ہزارہ روڈ ۔

س : جھیل ڈل کس شہر میں واقع ہے؟

ج : سری نگر ۔

س : اکھنور میں رنبیر نہر اور پرتاب نہر کس دریا سے نکالی گئی ہیں؟

ج : دریائے چناب ۔

س : دریائے راوی ہماچل پردیش کے کس علاقے سے نکلتا ہے؟

ج : کلو ۔

س : کشمیری زبان کی مشہور شاعرہ للہ عارفہ جب بیاہی گئی اس کی عمر کتنی تھی؟

ج : سترہ سال ۔

س : "کشمیر میں اردو" کس کی تصنیف ہے؟

ج : حبیب کیفوی ۔

س : کشمیر کی سب سے بڑی جھیل کا نام بتائیں؟

ج : جھیل وولر ۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : بتائیے یہ کس کشمیری شاعر کا شعر ہے؟

وہ دل جس نے
کیا ڈرے حلقۂ گرداب سے
تربیت پائی ہے بپھرے ہوئے طوفانوں میں

ج : ضیاء الحسن ضیاء۔

س : جھیل وولر ایشیاء کی سب سے بڑی میٹھے پانی کی جھیل ہے اس کی لمبائی اور چوڑائی بتائیں؟

ج : ۳۰ کلومیٹر۔ ۱۰ کلومیٹر۔

س : بھارت نے دریائے چناب پہ کونسا ڈیم بنایا ہوا ہے؟

ج : سلال ڈیم۔

س : چشمہ ویری ناگ بانہال کے دامن میں واقع ہے یہ سری نگر سے کتنا دور ہے؟

ج : ۴۸ میل۔

س : اننت ناگ کا کیا مطلب ہے؟

ج : ان گنت چشمے۔

س : "کشمیری اور اردو زبان کا تقابلی مطالعہ" کس نامور کشمیری محقق کی اہم تصنیف ہے؟

ج : ڈاکٹر سید محمد یوسف بخاریؒ۔

س : کیا یہ صحیح ہے کہ کشمیری شوازم نے اسلام سے خوشہ چینی کی ہے؟

ج : جی ہاں۔

س : للہ عارفہ کا کلام کس صنف سخن میں ہے؟

ج : واکھ۔

س : کشمیر میں شاہ میری خاندان کا بانی شاہ میر کہاں کا رہنے والا تھا؟

ج : سوات۔

س : لنکر چک دردستان سے کب کشمیر آیا؟

ج : ۱۳۱۹ء۔

س : جب لنکر چک کشمیر آیا اس وقت کشمیر پر کس ہندو راجے کی حکومت تھی؟

ج : راجہ سہادیو۔

س : برصغیر میں تاریخ کی سب سے قدیم کتاب کونسی ہے؟

ج : راج ترنگنی۔

س : کشمیر کی قدیم تاریخ "راج ترنگنی" کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج : پنڈت کلہن۔

س : پنڈت کلہن کے باپ کا کیا نام تھا؟

ج : چنپک۔

س : کشمیر کا "روحانی فاتح" کسے کہا جاتا ہے؟

ج : امیر کبیر سید علی ہمدانیؒ۔

س : بتائیے سید علی ہمدانیؒ کے اوراد فتحیہ کے بارے یہ کس نے کہا تھا؟

"جو ان کو پڑھے گا وہ ایک ہزار چار سو ولیوں کی ولایت سے حصہ پائے گا"

ج : حضرت شاہ ولی اللہؒ۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س: علامہ اقبال "مجدّدُ الکشامرہ" کسے کہا کرتے تھے؟

ج: منشی محمد دین فوقؔ ۔

س: قیامِ پاکستان سے قبل پونچھ سے "المجاہد" کس نے جاری کیا؟

ج: ضیاءالحسن ضیاءؔ ۔

س: "وادیٔ مغموم" کس کی نظم ہے؟

ج: ضیاءؔ ۔

س: کشمیر کا مقامی تصوف کسے کہا جاتا ہے؟

ج: رشی مت ۔

س: منگلا ڈیم سے کونسی نہر نکالی گئی ہے؟

ج: نہر اپر جہلم ۔

س: معاہدہ تاشقند میں ہندوستان کا کونسا وزیرِ اعظم فریق تھا؟

ج: لال بہادر شاستری ۔

س: کشمیر لبریشن موومنٹ کب قائم ہوئی؟

ج: جون ۱۹۵۸ء ۔

س: بتائیے یہ قطع کس کا ہے؟

کشمیر ہے اک شیر مگر سویا ہوا ہے
جاگے گا تو مشکل سے وہ جائے گا سنبھالا
جس وقت وہ دھاڑے گا تو گونج اٹھے گی دنیا
لرزے گی زمیں، ہوں گے سمندر تہ و بالا

ج: منشی محمد دین فوقؔ ۔

س: کشمیری زبان میں کس ڈرامہ نگار کے زیادہ ڈرامے ترجمہ ہوئے؟

ج: ٹیگور ۔

س: "اب تہ ٹوٹھ بب تہ ٹوٹھ" کس کا ڈرامہ ہے؟

ج: پوشکر بھان ۔

س: ریاست جموں وکشمیر کے جنوب میں کونسا ایک اسلامی اور ایک غیر اسلامی ملک آباد ہیں؟

ج: پاکستان اور ہندوستان ۔

س: درہ حاجی پیر کشمیر کے کس پہاڑی سلسلے میں واقع ہے؟

ج: پیر پنجال ۔

س: گلگت اور بلتستان کا رقبہ کتنا ہے؟

ج: ۲۹ ہزار مربع میل ۔

س: Kasmir through Ages کس کی تصنیف ہے؟

ج: گواشہ لعل ۔

س: بتلایئے یہ جموں سے تعلق رکھنے والے کس شاعر کا شعر ہے؟

جس میں سودا ہو محبت کا وہ سر پیدا کر
درد جس میں ہو جہاں کا وہ جگر پیدا کر

ج: ست پنڈت ۔

س: سندھ طاس معاہدے میں ریاست جموں وکشمیر کے کن تین بڑے دریاؤں کا ذکر ہے؟

ج: سندھ، چناب، جہلم ۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : کشمیری ادب میں "اوپیرا" کی صنف کو سب سے پہلے کس نے متعارف کروایا؟

ج : دینا ناتھ نادم ۔

س : دینا ناتھ نادم نے سب سے پہلے "بومبر یمبرزل" اوپیرا لکھا بتایئے کب؟

ج : ۱۹۵۳ء ۔

س : مقبوضہ کشمیر کا حسین و جمیل سیاحتی مقام "گل مرگ" سطح سمندر سے کتنی بلندی پر ہے؟

ج : ۸۸۰۰ فٹ ۔

س : "تاریخ کشمیر اسلامی عہد میں" کس کی تصنیف ہے؟

ج : ڈاکٹر صابر آفاقی ۔

س : "خطاب بہ جوانانِ کشمیر" کس کی نظم ہے؟

ج : قمرؔ ۔

س : بتایئے آریہ کشمیر میں کس راستے سے داخل ہوئے؟

ج : کھادنیار ۔

س : محمد دین مخلصؔ کا یہ شعر پورا کریں؟

میں تیری دید کیلئے پھرتا رہا ہوں در بدر

ج : "دیکھ چکا گلی گلی کی ہے تلاش چار سو"

س : جموں کا "پرنس آف ویلز کالج" کونسا رسالہ نکالا کرتا تھا؟

ج : توی ۔

س : برصغیر میں سب سے پہلے کونسا طیارہ، کب اغوا ہوا؟

ج : گنگا ۔ جنوری ۱۹۷۱ء ۔

س : نامور کشمیری صحافی کلیم اختر کس شعبے سے منسلک رہے؟

ج : این، پی، ٹی ۔

س : پنجاب یونیورسٹی میں شعبہ ایم اے کشمیریات کا قیام کب عمل میں آیا؟

ج : ۱۹۸۷ء ۔

س : پنجاب یونیورسٹی میں شعبہ کشمیریات کے قیام کا سہرا کس کے سر ہے؟

ج : ڈاکٹر سید محمد یوسف بخاری ۔

س : ڈاکٹر سید محمد یوسف بخاری نے کشمیری ادب پہ اب تک کل کتنی کتابیں لکھی ہیں؟

ج : تقریباً بیس ۔

س : شعر مکمل کریں؟

وہ دن بھی تھے کہ تازہ ہی رہتے تھے یہ چمن

ج : "کشمیر میں خزاں ہو کہ فصلِ بہار ہو"

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : جموں میں سب سے پہلے کلیسا کی بنیاد کس نے ڈالی؟

ج : پادری ینگ سَن ۔

س : بتائیے میرپور کے کس باشندے نے اردو میں سب سے پہلے مثنوی لکھی جبکہ ہندوستان میں اردو ابھی اپنی تکمیل کے ابتدائی مراحل میں تھی؟

ج : میاں غلام محی الدین ۔

س : "افکارِ مہجور" کس کا مجموعۂ کلام ہے؟

ج : اسرائیل مہجور راجوروی ۔

س : جموں میں انجمن اسلامیہ کی بنیاد کب پڑی؟

ج : ۱۹۰۰ء ۔

س : انجمن اسلامیہ جموں کے پہلے صدر کون تھے؟

ج : راجہ فرمان علی ۔

س : محسنِ کشمیر سید علی ہمدانیؒ کہاں دفن ہیں؟

ج : کولاب ۔ تاجکستان

س : بتائیے یہ کس کشمیری بزرگ کا قول ہے؟

"میں نے تین بار مشرق و مغرب تک سفر کیا، بحر و بر میں بے شمار عجائبات دیکھے"

ج : سید علی ہمدانیؒ

س : انڈین ایئرلائنز کا مسافر بردار طیارہ "گنگا" کن کشمیری حریت پسندوں نے اغوا کیا؟

ج : اشرف قریشی، ہاشم قریشی ۔

س : رام دھن کس زبان کا گیت گو کشمیری شاعر تھا؟

ج : ڈوگری ۔

س : بتائیے کشمیر کے متعلق آج سے تقریباً نو سو سال قبل مندرجہ ذیل بات کس مؤرخ نے لکھی تھی؟

"اس ملک کو روحانی خوبیوں کی طاقت سے ہی فتح کیا جا سکتا ہے جنگی طاقت سے نہیں"۔

ج : پنڈت کلہن ۔

س : مغل تبت خورد کسے کہا کرتے تھے؟

ج : بلتستان ۔

س : بلتستان کا پرانا نام کیا تھا؟

ج : بلور

س : دریائے سندھ اپنے منبع سے کتنا فاصلہ طے کر کے لداخ میں داخل ہوتا ہے؟

ج : ۶۷۰ کلومیٹر ۔

س : "SEVEN HUNDRED MILES IN KASHMIR" کس کا سفرنامہ ہے؟

ج : ہنری بوائرز ۔

س : آریا جب کشمیر میں داخل ہوئے تو کس دریا کے کنارے آباد ہوئے؟

ج : جہلم ۔

س : کشمیر میں سب سے پہلے کس نسل کے لوگ آباد تھے؟

ج : تورانی ۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س: مشہور کشمیری بزرگ حضرت بلبل شاہؒ کا عرس کب منایا جاتا ہے؟

ج: ۷ رجب -

س: کسی ایسے شاعر کا نام بتائیں جس نے مہجور اور آزاد کی کشمیری نظموں کا اردو ترجمہ کیا؟

ج: مقبول احمد سید -

س: " WORD OF LALLA " کس کی تصنیف ہے؟

ج: سر رچرڈ ٹمپل -

س: سرینگر میں جموں و کشمیر کلچرل اکیڈمی کب قائم ہوئی؟

ج: ۱۹۵۸ء -

س: کشمیر کے متعلق یہ شعر کس کا ہے؟

کس قدر اسرار سے معمور ہے یہ سرزمیں
اک ادائے دلکشی کے ساتھ ہیبت آفریں

ج: جوش ملیح آبادی -

س: کشمیر میں سلسلہ نوربخشیہ کے بانی کون تھے؟

ج: شمس الدین عراقی -

س: کشمیر میں ریشم سازی کا فن کہاں سے آیا؟

ج: چین -

س: ۸ مئی ۱۹۳۶ء کو ریاست جموں و کشمیر میں مسلم کانفرنس نے کونسا دن منایا؟

ج: یوم ذمہ دار حکومت -

س: کشمیر کے اس سیاست دان کا نام بتائیں جس کی ایک مشہور تصنیف اس مصرع پر ختم ہوتی ہے؟

"چھٹے اسیر تو بدلا ہوا زمانہ تھا"

ج: چوہدری غلام عباس -

س: کشمیر کو "ROOF OF THE WORLD" کیوں کہا جاتا ہے؟

ج: سورج اور چاند کے قریب ہونے کی وجہ سے -

س: بتائیے ڈوگرہ عہد میں گائے ذبح کرنے پر مسلمانوں کو کیا سزا دی جاتی تھی؟

ج: سزائے موت -

س: ڈوگرہ عہد میں ریاست میں کتنے فیصد مسلمان آباد تھے؟

ج: ۸۵ فیصد -

س: شاہراہ قراقرم کن دو ملکوں کو آپس میں ملاتی ہے؟

ج: پاکستان - چین -

س: گوجری زبان میں "اتھروں" کس کا مجموعہ کلام ہے؟

ج: ڈاکٹر صابر آفاقی -

س: بتائیے مندرجہ ذیل قطعہ کس کشمیری شاعر کا ہے؟

تیرے اجڑے ہوئے گلشن میں بہار آئے گی
تیری عظمت تجھے ہو جائے گی دوبارہ نصیب
کارواں تیرے سپوتوں کا نہیں رُک سکتا
صبحِ آزادی کی منزل نظر آتی ہے قریب

ج: صابر آفاقی -

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : "بلتستان پر ایک نظر" کس کی تصنیف ہے؟

ج : محمد یوسف حسین آبادی۔

س : ڈوگرہ عہد میں ریاست جموں و کشمیر میں مسلمانوں کی شرح خواندگی کیا تھی؟

ج : ایک فیصد۔

س : کشمیر کے نامور بزرگ صحافی میر عبدالعزیز راولپنڈی سے کونسا ہفت روزہ جاری کرتے ہیں؟

ج : "انصاف"

س : یہ کس کشمیری شاعر کا شعر ہے؟

یاد آجاتے ہیں پھر وہ زخم کھانے کے مزے
یہ اثر اے چارہ گر! کیسا تیرے مرہم میں ہے

ج : منشی نورالدین عنبرؔ۔

س : سلطان محمود غزنوی نے کب کشمیر پر حملہ کیا؟

ج : ۱۰۱۵ء۔

س : پونچھ ریاست جموں و کشمیر کا قدیم ترین شہر ہے بتایئے اسے کب اور کس نے تعمیر کروایا؟

ج : ۶۹۵ء کمتھا پیڈ۔

س : چک سلاطین کے دور میں پونچھ کشمیر کے ساتھ تھا یا علیحدہ؟

ج : علیحدہ۔

س : بلتستان میں "مے فنگ" کا تہوار ہر سال کس تاریخ کو منایا جاتا ہے؟

ج : ۲۱ر دسمبر۔

س : کشمیری زبان کا لفظ "وازہ"، سنسکرت لفظ "واج" سے نکلا ہے اس کے معنی بتائیں؟

ج : باورچی۔

س : معاہدہ امرتسر کے بارے یہ بات کس نے لکھی ہے؟
"انگریزوں نے یہ معاہدہ کر کے اپنے دامن پہ بدنما داغ لگوالیا ہے"

ج : ڈیوڈ کننگھم

س : چراغ حسن حسرت اور ضیاء الحسن ضیاء کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟

ج : بھائی بھائی۔

س : بتایئے یہ شعر کشمیر کے کس مایہ ناز شاعر کا ہے؟

میں تم سے نہ کہتا تھا کہ الفت نہ بڑھاؤ
اس دل کو محبت کی ہوا راس نہیں ہے

ج : منشی صادق علی صادقؔ۔

س : "انجمن کشمیری مسلمانانِ لاہور" کا قیام کب عمل میں آیا؟

ج : ۱۸۹۶ء۔

س : فارسی کے مشہور شاعر ملا طاہر غنی سری نگر میں پیدا ہوئے بتایئے کس جگہ؟

ج : عالی کدل۔

س : حضرت شیخ نورالدین ولیؒ کب پیدا ہوئے؟

ج : ۷۷۹ھ۔

س : حضرت شیخ نورالدین ولیؒ کی والدہ ماجدہ کا نام کیا تھا؟

ج : صدرہ ماں جی۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : ظفر خان احسن کا بیٹا فارسی کا نامور شاعر تھا اس کا نام بتائیں؟

ج : طاہر آشنا -

س : کشمیر کے مغل صوبیدار ظفر خاں احسن کا مزار کہاں تھا؟

ج : لاہور -

س : "ظفر خاں احسن اور اس کا مصوّر کلام" کس کی تصنیف ہے؟

ج : ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی -

س : "خیرُالابَرار" کس کا مادۂ وفات ہے؟

ج : خواجہ نیاز شاہ نقشبندیؒ -

س : نامور کشمیری بزرگ حضرت شیخ نورالدین ولیؒ کا مزار کہاں ہے؟

ج : چرار شریف -

س : شیخ نورالدین ولیؒ کس روحانی سلسلے سے وابستہ تھے؟

ج : سلسلہ اویسیہ -

س : امیر خسرو نے اپنی مثنوی "نہ سپہر" میں ریشیانِ کشمیر کی عمر کتنی لکھی ہے؟

ج : ۵۰۰ سال -

س : کشمیر کا اولین شاعر شتی کنٹھ کہاں پیدا ہوا؟

ج : پدم پور -

س : کشمیر کے مشہور صوفی شاعر نورالدین رشیؒ کس مشہور بادشاہ کے دور میں فوت ہوئے جس نے ان کے جنازے کو کندھا بھی دیا؟

ج : بڈشاہ -

س : بُدھ ازم کا دورِ شاعری کس شاعر کے دور کو کہا جاتا ہے؟

ج : شتی کنٹھ -

س : "مہانے پرکاش" کل کتنے واکھ پر مشتمل ہے؟

ج : ۹۴ -

س : بتائیے مندرجہ ذیل تصانیف جموں میں پیدا ہونے والے کس صاحبِ قلم کی ہیں؟

- "حیاتِ اقبالؒ کا ایک جذباتی دور"، "اسلام پاکستان میں"، "فکر اسلامی کی تشکیل نو"۔

ج : پروفیسر شیخ محمد عثمان -

س : کشمیری شاعری کی سب سے پہلی کتاب کونسی ہے؟

ج : مہانے پرکاش -

س : کشمیری شاعری کا سب سے پہلا صاحبِ دیوان شاعر کسے کہا جاتا ہے؟

ج : شتی کنٹھ -

س : شتی کنٹھ نے مہانے پرکاش کس کی فرمائش پر لکھی؟

ج : سنگرام دیو -

س : فتاویٰ عالمگیری مرتب کرنے میں بہت سے کشمیری علماء نے حصہ لیا کسی ایک کا نام بتائیں؟

ج : مولوی خیرالدین ابوالخیر -

س : منشی محمد دین فوق اور علامہ اقبالؒ نے لاہور میں مہاراجہ پرتاب سنگھ سے کس سال ملاقات کی؟

ج : ۱۹۱۰ء -

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س: علامہ اقبالؒ نے کس انجمن کے قیام پر کہا تھا؟
"ہزار شکر کہ اک انجمن ہوئی قائم"

ج: انجمن کشمیری مسلمانانِ لاہور۔

س: مہجور ایک سال تک قادیان کے کس اخبار میں کتابت کرتے رہے؟

ج: البدر۔

س: مہجور ساری عمر کس سرکاری شعبے سے منسلک رہے؟

ج: بندوبست اراضی۔

س: مشہور کشمیری شاعر غنی کس قبیلے سے تعلق رکھتے تھے؟

ج: عشائی۔

س: شتی کنٹھ کب پیدا ہوا؟

ج: ۱۲۳۰ء۔

س: سدھ بوئے اور لل دید کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟

ج: استاد۔شاگرد۔

س: بارھویں صدی کشمیر میں کس دھرم کے عروج کی صدی گردانی جاتی ہے؟

ج: بدھ دھرم۔

س: "بختس بورچھے خدمتگار" یہ شیخ نورالدین ولیؒ کا قول ہے بتائیے اس کا کیا مطلب ہے؟

ج: "عقل تقدیر کی باندی ہے"

س: کشمیری زبان کے مشہور شاعر نورالدین ولیؒ کہاں پیدا ہوئے؟

ج: کھی جوگی پورہ۔

س: کشمیر کے کس نامور عالم دین نے قرآن مجید کی تفاسیر عربی اور فارسی زبانوں میں لکھیں؟

ج: میر سید سعید اندرابیؒ

س: اکبر کے درباری عالم فیضی نے تفسیر "سواطع الالہام" (بے نقط لکھی) بتائیے اس کی تقریظ کس نے لکھی؟

ج: شیخ یعقوب صرفیؒ۔

س: شیخ یعقوب صرفیؒ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج: شیخ حسن گنائیؒ۔

س: شیخ یعقوب صرفیؒ کس خاندان کے چشم وچراغ تھے؟

ج: عاصمی۔

س: شیخ یعقوب صرفیؒ کے کون سے استاد نابینا تھے؟

ج: حافظ بصیرؒ۔

س: تفسیر "مطلب الطالبین" کس کی صوفیانہ تفسیر ہے؟

ج: شیخ یعقوب صرفیؒ۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س: "صدائے جرس" اور "جمہور" دو ہفت روزے تھے بتائیے یہ کہاں سے شائع ہوتے تھے؟

ج: بلتستان۔

س: وہ کون عظیم کشمیری شاعر تھے جب وہ گھر کے اندر ہوتے دروازہ بند کر لیتے لیکن جب باہر جاتے دروازہ کھلا چھوڑ جاتے؟

ج: غنی کاشمیری۔

س: کے، ایچ خورشید نے ابتدائی تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

ج: گلگت۔

س: کے، ایچ خورشید نے لبریشن لیگ کی بنیاد کب رکھی؟

ج: ۱۹۶۲ء۔

س: کشمیری زبان میں سب سے پہلے غزل گوئی کس نے کی؟

ج: حبہ خاتون۔

س: حبہ خاتون کا اصل نام کیا تھا؟

ج: زون۔

س: شہزادہ یوسف شاہ چک حبہ خاتون پر کس وجہ سے عاشق ہو گیا تھا؟

ج: گیت سُن کر۔

س: حبہ خاتون کی شادی کس سے ہوئی؟

ج: شہزادہ یوسف شاہ چک۔

س: فارسی کے نامور کشمیری شاعر غنی کاشمیری نے شادی کب کی؟

ج: غنی نے ساری عمر شادی نہیں کی۔

س: کشمیری معاشرت میں حبہ خاتون کا کونسا گیت انتہائی اہمیت کا حامل ہے؟

ج: ڈارِ وین ست وارِ چھس نوُ
چارہ کرمیوُن مالنیو ہو

س: حضرت شیخ نورالدین ولیؒ کو ہندو کس نام سے پکارتے ہیں؟

ج: نندہ رشی۔

س: "شیر کشمیر" کس کی تصنیف ہے؟

ج: کلیم اختر۔

س: للہ عارفہ جب پیدا ہوئی تو اُس وقت کشمیر پر کس ہندو راجے کی حکومت تھی؟

ج: راجہ اودیان دیو۔

س: للہ عارفہ نے کس مشہور مسلمان بزرگ سے فیض حاصل کیا؟

ج: سید حسین سمنانیؒ۔

س: بتائیے للہ عارفہ نے یہ بات کس کے بارے میں کہی تھی؟
"کشمیر میں کوئی مرد نہیں تھا جس سے میں پردہ کرتی آج مجھے ایک مرد نظر آگیا ہے"

ج: سید علی ہمدانیؒ۔

س: للہ عارفہ کی شادی بھی ہوئی کیا اس کی کوئی اولاد بھی تھی؟

ج: نہیں۔

س: کس مشہور ہندو گرو سے للہ عارفہ کا مباحثہ ہوا اور وہ ہار گیا؟

ج: شری کنٹھ۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س: للہ عارفہ برہنا گھوما کرتی تھی ایک دن سیّد علی ہمدانیؒ کو دیکھ کر اضطراب کے عالم میں بتایئے کہاں چھپ گئی؟

ج: جلتے ہوئے تنور میں۔

س: "ہاتھ کی لکیریں" اور "دستِ شناسی" پنجاب یونیورسٹی سے تعلق رکھنے والے کس کشمیری پروفیسر کی تصانیف ہیں؟

ج: ایم اے ملک۔

س: ۱۹۳۶ء میں پرتاب سنگھ کالج کے اساتذہ نے کونسا میگزین جاری کیا؟

ج: پرتاب میگزین۔

س: مہاراجہ پرتاب سنگھ کے عہد میں "گاشہ تارک" اخبار کا اجراء کس نے کیا؟

ج: محمد امین رفیقی۔

س: "کونگ پوش" رسالہ حکومتِ کشمیر کی وساطت سے کب جاری ہوا؟

ج: ۱۹۴۹ء۔

س: ریاست جموں و کشمیر کا ایک بہترین اخبار "وطن" غلام نبی خیال کی کوششوں سے کب منظرِ عام پر آیا؟

ج: ۵، اپریل ۱۹۶۵ء۔

س: "وونگ" کس کا کشمیری افسانہ ہے؟

ج: بشیر احمد بشیر۔

س: "ڈریکولا سنز واپسی" خود غرض معاشرے پر بھرپور طنز ہے یہ کس خاتون کا افسانہ ہے؟

ج: ثمینہ اشرف۔

س: "جب کشمیر جل رہا تھا" کس کی تصنیف ہے؟

ج: لعل ذاکر۔

س: شیخ نورالدین ولیؒ کے والد ماجد شیخ سالار نے کس مسلمان بزرگ کے ہاتھوں اسلام قبول کیا؟

ج: سیّد حسین سمنانیؒ۔

س: کشمیری زبان میں ترجمہ ہونے والا سب سے پہلا ناول کس ناول نگار کا تھا؟

ج: ٹیگور۔

س: "موختہ لڑ" بچوں کے افسانوں کا مجموعہ ہے یہ کن دو کشمیری افسانہ نگاروں نے مل کر لکھا؟

ج: اوتار کرشن راہبر۔ ناجی منور۔

س: پیپلز تھیٹر نے وہ کونسا واحد ڈرامہ لکھا جو سٹیج نہ ہوسکا تو سٹیج بند کر دیا گیا؟

ج: "بتہ ہر"۔

س: جگن ناتھ ولی نے حبہ خاتون کی زندگی پہ کونسا ڈرامہ لکھا؟

ج: زون۔

س: دینا ناتھ نادم نے اپنا مشہور ڈرامہ "نیکی تہ بدی" کب لکھا؟

ج: ۱۹۵۳ء۔

س: ۱۹۶۵ء میں کونسا پندرہ روزہ اخبار جاری ہوا جس نے کشمیری صحافت کو آگے بڑھایا؟

ج: "چمن"

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : "کشمیر میں رائے شماری" کس کی تصنیف ہے ؟

ج : ماسٹر غلام حیدر ۔

س : بتائیے یہ شعر کس کا ہے ؟

شاید اسی بہانے کوئی راز داں ملے
محفل میں اس خیال سے نغمہ سرا ہوں میں

ج : رسا نظامی راجوروی ۔

س : بتائیے اردو زبان میں سب سے پہلی کشمیر کی تاریخ کونسی ہے ؟

ج : "گلدستہ کشمیر"

س : آزاد کشمیر میں سب سے بڑا ڈیم منگلا ڈیم ہے یہ کس شہر کے گرد واقع ہے ؟

ج : میرپور ۔

س : "کتاب" کس کشمیری افسانہ نگار کا افسانہ ہے ؟

ج : غلام نبی بابا ۔

س : کشمیری افسانے کا جدید دور کب شروع ہوا ؟

ج : ۱۹۶۷ء ۔

س : "پھانک" کشمیری زبان کا طنزیہ افسانہ ہے بتائیے یہ کس نے لکھا ؟

ج : امین کامل ۔

س : "لومیرج" کشمیری افسانہ ہے بتائیے یہ کس افسانہ نگار نے لکھا ؟

ج : بنسی نردوش ۔

س : "مجرم" ایک کشمیری ناول ہے ناول نگار کا نام بتائیں ؟

ج : غلام نبی گوہر ۔

س : "شمع وطن" بچوں کی نظموں کا مجموعہ ہے یہ کس کشمیری شاعر نے لکھا ؟

ج : غلام احمد فاضل ۔

س : کشمیر میں سب سے پہلی ڈرامہ کمپنی کس نے کھولی ؟

ج : ویدلال در ۔

س : کشمیری ادب میں ڈرامے کا باقاعدہ آغاز کب اور کس ڈرامے سے ہوا ؟

ج : ۱۹۲۹ء "ستیہ کہوٹ" ۔

س : "بلوا منگل" کس کا ڈرامہ ہے ؟

ج : نیل کنٹھ شرما ۔

س : ۱۹۴۰ء میں نیل کنٹھ شرما نے "سوپن وسہ دتہ" ڈرامہ لکھا یہ کس زبان سے ترجمہ کیا گیا ؟

ج : سنسکرت ۔

س : پروفیسر پشپ نے ۱۹۶۲ء میں ٹیگور کے ناول کا ترجمہ کیا یہ کس عنوان سے شائع ہوا ؟

ج : گریستی سندگرہ ۔

س : سکھ گورنر ہری سنگھ نلواہ نے کشمیر میں جو سکہ جاری کیا اس پر فارسی کا کونسا شعر کندہ تھا ؟

ج : دیگ و تیغ و فتح و نصرت بے درنگ
یافت از نانک گرو گوبند سنگ

س : "ذخیرۃ الملوک" کس کی تصنیف ہے ؟

ج : سید علی ہمدانیؒ ۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : "چہل اسرار" کس کا فارسی مجموعہ کلام ہے ؟

ج : سید علی ہمدانیؒ ۔

س : کشمیری زبان کا اولین بہترین ڈرامہ کس ڈرامے کو کہا جاتا ہے ؟

ج : گریستی سندگرہ ۔

س : "رَحْمَۃُ اللہ" کس کا مادہ تاریخ وفات ہے ؟

ج : سید علی ہمدانیؒ ۔

س : سید علی ہمدانیؒ نے اپنے سے پہلے کن دو بزرگوں کو تبلیغ اسلام کے لیے کشمیر بھیجا ؟

ج : تاج الدینؒ، حسین سمنانیؒ ۔

س : سید علی ہمدانی کتنے سو مبلغین کے ہمراہ کشمیر تشریف لائے ؟

ج : سات سو ۔

س : پیرزادہ غلام احمد مہجور کب فوت ہوئے ؟

ج : ۹ر اپریل ۱۹۵۲ء ۔

س : "برخوردار ! آپ کس سے مہجور ہیں" مہجور سے یہ سوال کس نے کیا ؟

ج : مولانا شبلی نعمانیؒ ۔

س : سُنیوں کے کس بہت بڑے عالم دین کا قتل چک خاندان کے زوال کا باعث بنا ؟

ج : قاضی موسیٰؒ ۔

س : مولیئر کے ڈرامے "THE KIT BECOMES AGENTALMAN" کا کشمیری میں ترجمہ کس نے کیا ؟

ج : غلام نبی فراقؔ ۔

س : کربہ تھنگ کشمیر میں ایک وسیع و عریض صحرا ہے بتایئے کہاں ؟

ج : کرگل (لداخ) ۔

س : ریاست جموں و کشمیر کے کس مشہور صحافی نے لاہور سے "کسانِ کشمیر" اخبار جاری کیا ؟

ج : منشی معراج الدین احمد ۔

س : مولانا تاج الدین نے ہفت روزہ "گلشن کشمیر" کب جاری کیا ؟

ج : ۱۹۰۱ء ۔

س : بتایئے حبیب اللہ حامدی کے کس ناول کو کلچرل اکیڈمی سری نگر نے ۱۹۶۷ء کی بہترین تصنیف قرار دیا ؟

ج : "بلندیوں کے خواب" ۔

س : "بہار نامہ" کس کی منظوم تصنیف ہے ؟

ج : محمود گامی ۔

س : "واعظ نامور" سے کس کشمیری شاعر کا سال وفات نکلتا ہے ؟

ج : قطب الدین واعظ ۔

س : مثنوی "ہی مال" کس کی تصنیف ہے ؟

ج : ولی اللہ متو ۔

س : "لالۂ صحراء" کس کا مجموعۂ کلام ہے ؟

ج : رسا بھدرواہی ۔

س : جموں سے تعلق رکھنے والے محب وطن شاعر شیخ غلام حیدر چشتی کہاں فوت ہوئے ؟

ج : سیالکوٹ ۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س: شیخ عبداللہ نے "کشمیر چھوڑ دو" تحریک کب شروع کی؟

ج: ۱۹۴۶ء۔

س: رنچن قبول اسلام سے قبل کس مذہب کا پیروکار تھا؟

ج: بدھ مت۔

س: راج ترنگنی شاہ میر کی تخت نشینی سے کتنے سال قبل تحریر کی گئی؟

ج: ایک سو نوے سال۔

س: کلہن نے راج ترنگنی نظم میں لکھی تھی یا نثر میں؟

ج: نظم۔

س: مشہور کشمیری بزرگ حضرت شیخ حمزہ مخدوم رح کشمیری کا عرس کب ہوتا ہے؟

ج: ۲۴ صفر المظفر۔

س: "PLEBESITE IN KASHMIR" کس کی تصنیف ہے؟

ج: ماسٹر غلام حیدر۔

س: حبہ خاتون شاہی محلوں سے نکل کر تارک الدنیا ہوگئی بتائیے ترک دنیا کے کتنا عرصہ بعد وہ وفات پاگئی؟

ج: سترہ سال۔

س: بھارت نے اقوام متحدہ میں کشمیر کے بارے رائے شماری کی درخواست کب پیش کی جس کے بعد وہ خود منحرف ہوگیا؟

ج: یکم جنوری ۱۹۴۸ء۔

س: "مغل مینار" گلگت کا تاریخی مینار ہے بتائیے اسے کس نے کب تعمیر کیا؟

ج: تاج مغل۔ ۱۳۹۰ء۔

س: "وقائع نظامیہ" کشمیر کی اہم تاریخ ہے بتائیے یہ کس نے لکھی؟

ج: نظام الدین۔

س: کشمیری ادب کا مشہور رسالہ "گلریز" کب شائع ہوا؟

ج: ۱۹۵۲ء۔

س: پہلی جنگ عظیم میں مہاراجہ کشمیر نے انگریزوں کی مدد کیلئے ریاست سے کتنی فوج بھیجی؟

ج: ۳۱ ہزار۔

س: روس اور چین ریاست جموں و کشمیر کی کس سمت واقع ہیں؟

ج: شمال۔

س: بتائیے یہ شعر کس کا ہے؟

خوشا کشمیر و خاکِ پاک کشمیر
کہ سر برزد بہشت از خاک کشمیر

ج: قدسی۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س: کے ۔ٹو کو مقامی لوگ کس نام سے پکارتے ہیں؟

ج: چھوغو بروم ۔

س: لداخ کے قریب کونسا دریا دریائے سندھ میں گرتا ہے؟

ج: دریائے زانسکر ۔

س: راولپنڈی سے گلگت کتنے کلومیٹر ہے؟

ج: ۶۱۲ کلومیٹر ۔

س: گلگت سے اسکردو کتنے کلومیٹر دور ہے؟

ج: ۲۲۴ کلومیٹر ۔

س: "پربت کی بیٹی"، پونچھ سے تعلق رکھنے والے کس مایہ ناز ادیب کی تصنیف ہے؟

ج: چراغ حسن حسرت ۔

س: بتائیے ریاست کے شمالی علاقہ جات گلگت و بلتستان سے کتنے اخبار شائع ہوتے ہیں؟

ج: کوئی نہیں ۔

س: بتائیے کے ۔ٹو کی بلندی کتنی ہے؟

ج: ۲۸۲۵۱ فٹ ۔

س: کے ۔ٹو کو سب سے پہلے اٹلی کے مہم جوؤں نے سر کیا بتائیے کب؟

ج: ۱۳ جولائی ۱۹۵۴ء ۔

س: کشمیر کے اوّلین آباد کار ناگ لوگ کس چیز کی پوجا کرتے تھے؟

ج: سانپ ۔

س: شتی کنٹھ نے کشمیری زبان کو کیا نام دیا تھا؟

ج: سرگوچہ دیش بھاشا ۔

س: پونچھ کے گوجر سرداروں نے کب مغلوں کے خلاف عَلم بغاوت بلند کیا؟

ج: ۱۷۰۸ء ۔

س: کشمیری زبان میں ماں کو کیا کہتے ہیں؟

ج: موج ۔

س: گورنمنٹ کالج لاہور کے کس پروفیسر نے گیتا کا ڈوگری زبان میں ترجمہ کیا اور ریاست کی طرف سے انعام پایا؟

ج: گوری شنکر ۔

س: یہ کس اردو گو کشمیری شاعر کا شعر ہے؟

بُرا ہو عشق کا کس کشمکش میں مجھ کو ڈالا ہے
نہ اب مرنے میں لذت ہے نہ لطفِ زندگانی ہے

ج: ہری کشن کول فانی ۔

س: مشہور کشمیری بزرگ شیخ نور الدین ولیؒ کس مبارک دن کو پیدا ہوئے؟

ج: عیدالاضحیٰ ۔

س: شیخ العالمؒ کس کا لقب ہے؟

ج: شیخ نورالدین ولیؒ ۔

س: کشمیر میں شیخ العالمؒ کی کتنی زیارت گاہیں ہیں؟

ج: دوُ ۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س: ۱۹۴۷ء میں کس دہشت گرد ہندو تنظیم نے مسلمانوں کا قتل عام کیا؟

ج: راشٹریہ سیوک سنگھ۔

س: R.S.S کس کا مخفف ہے؟

ج: راشٹریہ سیوک سنگھ۔

س: کشمیری زبان کے اس شاعر کا نام بتائیں جو نمک کی دکان کرتے تھے؟

ج: خواجہ حبیب اللہ نوشہری۔

س: حبیب اللہ نوشہری کے والد کا کیا نام تھا؟

ج: شمس الدین گنائی۔

س: "تاریخ کبیر کشمیر" فارسی میں کس کی تصنیف ہے؟

ج: حاجی محی الدین مسکین۔

س: مشہور کشمیری شاعر داس علی اور ڈاکٹر عماد الدین سوز کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟

ج: نانا۔ نواسہ۔

س: "وطن کی سرزمین" ایک طویل نظم ہے جس میں کشمیر کے بیشتر قابل دید مقامات کا ذکر کیا گیا ہے بتائیے یہ کس شاعر نے لکھی؟

ج: مہجور راجوروی۔

س: کشمیری زبان کی اساس کس زبان پر قائم ہے؟

ج: بروشسکی۔

س: "سپت سندھو" کا کیا مطلب ہے؟

ج: سات دریا۔

س: ریاست جموں وکشمیر کی کتنے میل لمبی سرحد پاکستان کے ساتھ ملتی ہے؟

ج: سات سو میل۔

س: ۱۱ جولائی ۱۹۳۹ء کو سری نگر میں ایک تاریخی مشاعرہ ہوا بتائیے کہاں؟

ج: جھیل ڈل میں۔

س: "گاندھی جی کا عزمِ کشمیر" کس کی نظم ہے؟

ج: مولانا ظفر علی خاں۔

س: "تاریخ اقوام کشمیر" کس مشہور مورخ کشمیر کی تصنیف ہے؟

ج: محمد دین فوقؔ۔

س: مہجور کے والد کا کیا نام تھا؟

ج: عبداللہ شاہ۔

س: جب مہجور کی والدہ کا انتقال ہوا اس وقت ان کی عمر کتنی تھی؟

ج: ایک سال دس ماہ۔

س: "مغازی النبی" کس کی مثنوی ہے؟

ج: شیخ یعقوب صرفی۔

س: بتائیے کیا یہ پیرزادہ غلام احمد مہجور کا شعر ہے؟

تم جو مہجور کا ناراض نہ کرتے شبِ وصل
وہ تمہارے نہ کسی حکم سے باہر ہوتا

ج: نہیں۔

س: جموں میں سب سے پہلا کل ہند مشاعرہ کب کس کی صدارت میں ہوا؟

ج: رچھپال سنگھ شیدا۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : منشی محمد دین فوق کب فوت ہوئے؟

ج : ۱۹۴۵ء -

س : منشی محمد دین فوق کی تاریخ کشمیر کی تیسری جلد کس نے مکمل کی؟

ج : محمد عبداللہ قریشی -

س : ماہنامہ "فردوس" کا اجراء کس ادبی تنظیم نے کیا؟

ج : بزم اردو جموں وکشمیر -

س : لاہور سے روزنامہ "صداقت" کا اجراء کس مشہور کشمیری ادیب نے کیا؟

ج : پروفیسر محمد اسحاق قریشی -

س : بتایئے کشمیر ویلی کتنے میل لمبی اور کتنے میل چوڑی ہے؟

ج : ۸۴ لمبی ۲۵ چوڑی -

س : حکومت ہند کے کمشنر مسٹر ایچ شارپ نے کب ریاست کا تعلیمی دورہ کیا؟

ج : ۱۹۱۶ء -

س : بتایئے یہ شعر کس کا ہے؟

منہ اگر آزادیٔ کشمیر سے موڑو گے تم
ہم شہیدوں ہم وفاداروں کے دل توڑو گے تم

ج : حفیظ جالندھری -

س : "گلگت اور شینا زبان" کس کی تصنیف ہے؟

ج : ڈاکٹر شجاع ناموس -

س : ملا عبدالرشید کشمیری کا تخلص کیا تھا؟

ج : بے نوا -

س : پیام مشرق میں علامہ اقبالؒ کی کون کونسی نظمیں کشمیر کے موضوع پر ہیں؟

ج : ساقی نامہ، کشمیر، غنی کاشمیری -

س : قائداعظم جب مئی ۱۹۴۴ء میں کشمیر تشریف لے گئے تو وہاں کتنا عرصہ قیام کیا؟

ج : اڑھائی ماہ -

س : غنی کاشمیری کا اصل نام کیا تھا؟

ج : محمد طاہر -

س : اکتوبر ۱۹۶۶ء میں کاشر ادب رسالہ کس نے جاری کیا؟

ج : غلام رسول سنتوش -

س : "KASHMIR INDIA AND PAKISTAN" کس کی تصنیف ہے؟

ج : سیسر گپتا -

س : بتایئے یہ شعر کس کا ہے؟

جس خاک کے ضمیر میں ہو آتشِ چنار
ممکن نہیں کہ سرد ہو وہ خاکِ ارجمند

ج : علامہ اقبالؒ -

س : کشمیری زبان کی سب سے پہلی شاعرہ خاتون کون ہے؟

ج : للہ عارفہ -

س : شوازم میں شو اور شکتی کس کے دو خیالی روپ ہیں؟

ج : مرد، عورت -

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س: بتائیے یہ قول کس کا ہے؟

"سردی سے بچنے کیلئے کپڑے پہننے اور بھوک مٹانے کیلئے روٹی کھانی چاہیئے
مگر دل کو روشن کرنے کیلئے عیش وراحت پر لات ماردینی چاہیئے۔"

ج: للہ عارفہ۔

س: کشمیر میں حضرت بابا داؤد خاکیؒ کا عرس کب منایا جاتا ہے؟

ج: ۳ صفر۔

س: تاج بیگم کس اخبار کی ایڈیٹر رہیں؟

ج: کاشر اخبار۔

س: امین کامل کی کون سی کتاب کشمیری زبان میں طنز و مزاح کی بہترین کتاب ہے؟

ج: "کاشراسن ترایہ"۔

س: رسالہ "تعمیر" شروع شروع میں اردو رسالہ تھا یا کشمیری؟

ج: اردو۔

س: رسالہ "تعمیر" ۱۹۷۰ء میں اردو اور کشمیری دونوں زبانوں میں چھپنے لگا بتائیے اس وقت اس کے ایڈیٹر کون تھے؟

ج: محمد یوسف ٹینگ۔

س: کشمیر کا اقبالؒ کسے کہا جاتا ہے؟

ج: پیرزادہ غلام احمد مہجور۔

س: "برف میں آگ" اور "وادی کے پھول" سری نگر سے تعلق رکھنے والی کس مشہور شخصیت کے افسانوی مجموعے ہیں؟

ج: حبیب اللہ حامدی۔

س: "تحفۂ سعدیہ" کس کشمیری شاعر کی فارسی نظموں کا مجموعہ ہے؟

ج: مرزا سعدالدین سعد۔

س: قراقرم ترکی زبان کا لفظ ہے اس کے معنی بتائیں؟

ج: کالا پتھر۔

س: سلسلہ قراقرم کی لمبائی بتائیں؟

ج: ۴۸۲ کلومیٹر۔

س: بتائیے کشمیری زبان میں "بتہ کھیون" کا کیا مطلب ہے؟

ج: کھانا کھانا۔

س: "گوہر نامۂ عالم" کشمیر کی مفصل فارسی تاریخ ہے بتائیے یہ کس نے لکھی؟

ج: بدیع الدین منعمی۔

س: ملا آنی نے کس کشمیری عالم دین کے بارے یہ بات کہی؟

"وقت آئے گا جب یہ بچہ جامیؒ کی معنوی یادگار بن جائے گا"

ج: شیخ یعقوب صرفیؒ۔

س: تاریخ کے حوالے سے بتائیں کہ سب سے پہلا وادئ کشمیر میں داخل ہونے والا مسلمان باشندہ کون تھا؟

ج: حمیم بن سامہ۔

س: اس سلسلہ کوہ کا نام بتائیں جو لداخ کو کشمیر سے جدا کرتا ہے؟

ج: سلسلہ زوجیلا۔

س: "KASHMIR AND ITS PRINCES" کس کی تصنیف ہے؟

ج: جے، سی، بامو۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س: ۱۸۹۹ء میں مولانا شبلی نعمانیؒ جب کشمیر تشریف لے گئے تو انہوں نے وہاں کونسی مشہور نظم کہی؟

ج: "قصیدہ کشمیریہ"۔

س: "ترانۂ وطن" نامی نظم وطن کشمیر سے محبت بھرے جذبات کی بھرپور ترجمانی کرتی ہے۔ نظم نگار کا نام بتائیں؟

ج: مہجور۔

س: اورنگ زیب عالمگیر نے کس کشمیری شاعر سے ملنے کی خواہش ظاہر کی تھی لیکن شاعر نے ملنے سے انکار کر دیا تھا؟

ج: غنی کاشمیری۔

س: علامہ اقبال صرف ایک بار کشمیر گئے بتایئے کب؟

ج: جون ۱۹۲۱ء۔

س: بتایئے کشمیر کے متعلق یہ قطعہ کس کا ہے؟

جہاں تم آج قابض ہو مسلط تھے یہاں ہم بھی
سمجھتے تھے نشاطِ سلطنت کو جاوداں ہم بھی
ہمیں بھی تجربہ ہے انتظامِ لالہ و گل کا
کبھی اس سرزمین پہ رہ چکے ہیں حکمراں ہم بھی

ج: سیماب اکبر آبادی۔

س: کس کشمیری صحافی نے اخبارات و رسائل میں کشمیر کے موضوع پر سب سے زیادہ مضامین لکھے؟

ج: کلیم اختر۔

س: کشمیری افسانے کا باوا آدم کسے کہا جاتا ہے؟

ج: اختر محی الدین۔

س: اختر محی الدین کا پہلا افسانوی مجموعہ کب اور کس عنوان سے شائع ہوا؟

ج: ۱۹۵۵ء ست سنگر۔

س: "تبرک" اوتار کرشن رہبر کا افسانوی مجموعہ ہے بتائیے یہ کب شائع ہوا؟

ج: ۱۹۵۸ء۔

س: "آدم تہ حوا" کس کا افسانہ ہے؟

ج: امین کامل۔

س: "اُڈبے کتھ" کس کا مشہور افسانہ ہے؟

ج: امیش کول۔

س: بتایئے یہ شعر کس کا ہے؟

سرخ پھولوں سے زمین کشمیر کی ہے سرخرو
لالہ بن کے پھوٹ نکلا ہے شہیدوں کا لہو

ج: حفیظ جالندھری۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س: "تواریخ کلیسائے جموں" کس کی تصنیف ہے؟

ج: مسٹر ہری سنگھ چندر۔

س: سید علی ہمدانیؒ پہلی بار کب کشمیر تشریف لائے؟

ج: ۱۳۷۲ء۔

س: امیر کبیر سید علی ہمدانیؒ کل کتنی بار کشمیر تشریف لائے؟

ج: تین بار۔

س: بتائیے یہ شعر کس کا ہے؟

عمرہا گُل رُخت بربست و کشاد
خاک ما دیگر شہاب الدین نزاد

ج: علامہ اقبالؒ۔

س: تاریخ کے حوالے سے اس یورپی باشندے کا نام بتائیں جو سب سے پہلے وادئ کشمیر میں داخل ہوا؟

ج: برنیئر۔

س: بلتستان کن دو پہاڑی سلسلوں کے درمیان واقع ہے؟

ج: کوہ قراقرم ۔ کوہ ہمالیہ۔

س: بتائیے کشمیری زبان میں ژور، ژل اور ژپ کسے کہتے ہیں؟

ج: چور، چل ۔ چپ۔

س: بتائیے "دولت بیدار" اور "مخزنِ اسرار" کس کی مثنویاں ہیں جس کی آخری آرام گاہ سرزمین کشمیر ہے؟

ج: شیدا فتح پوری۔

س: کشمیر کی سب سے آخری فارسی میں لکھی گئی تاریخ کونسی ہے؟

ج: "تاریخ کبیر کشمیر"

س: عنایت خاں آشنا کا اصل نام کیا تھا؟

ج: مرزا محمد طاہر۔

س: بتائیے عنایت خاں آشنا نے کب اور کہاں انتقال کیا؟

ج: ۱۰۷۷ھ سری نگر۔

س: شیخ عبدالاحد سرہندی فاروقی کس ناظم کشمیر کے زمانے میں کشمیر آئے؟

ج: سیف خاں۔

س: بتائیے یہ قطعہ کس کا ہے؟

کچھ بات بن سکے گی نہ تدبیر کے بغیر
کشمیر مل سکے گا نہ شمشیر کے بغیر
اے سرزمین پاک کے حل و عقد
ہم زندہ رہ سکیں گے نہ کشمیر کے بغیر

ج: اثر صہبائی۔

س: سری نگر میں محلہ "سیدواری" کس کے نام پر آباد ہے؟

ج: سید عبدالرحیم نقشبندیؒ۔

س: بتائیے "کشمیر اُداس ہے" کس کے رپورتاژ کا مجموعہ ہے؟

ج: محمود ہاشمی۔

س: آزاد کشمیر کا کل کتنا رقبہ ہے؟

ج: 4144 مربع میل

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س : بنسی نردوش کا افسانوی مجموعہ "آدم چھ پتھے بدنام" کب شائع ہوا؟

ج : ۱۹۶۱ء -

س : "شاہکار" شام لعل سادھو کا افسانوی مجموعہ ہے اس میں ترجمہ شدہ افسانے ہیں یا طبع زاد؟

ج : ترجمہ شدہ -

س : "گنٹھ منز گاش" پروپگنڈہ قسم کا ناول ہے یہ کس نے لکھا؟

ج : امین کامل -

س : نیشنل کانفرنس نے ریاست کا انتظام کب سنبھالا؟

ج : ۲ نومبر ۱۹۴۷ء -

س : مہاراجہ گلاب سنگھ منگلا کے قلعدار کے پاس ملازم تھا بتائیے کتنے روپے ماہوار تنخواہ پاتا تھا؟

ج : تین روپے -

س : گلاب سنگھ بھمبر کے کس جاگیردار کے پاس ملازمت کرتا رہا؟

ج : سلطان خاں -

س : مہاراجہ گلاب سنگھ نے ریاست جموں وکشمیر کا اختیار کب سنبھالا؟

ج : ۹ر نومبر ۱۸۴۶ء -

س : سری نگر کے کس علاقے کو ریڈنگ روم پارٹی" نے اپنا مرکز بنایا؟

ج : فتح کدل -

س : "تاریخ بڈشاہی" کس کی تصنیف ہے؟

ج : منشی محمد دین فوق -

س : ڈوگرہ وزراء کونسل کے ممبر سرایلن بینرجی نے ڈوگرہ راج کے خلاف احتجاجی استعفیٰ کب دیا؟

ج : ۱۹۲۹ء -

س : آزاد کشمیر کے سب سے پہلے صدر کا نام بتائیں؟

ج : غلام نبی گلکار -

س : بتائیے یہ قطعہ کس کا ہے؟

کشمیر میں جب دورِ بہاراں ہوگا
کچھ نشو و نما کا اور ساماں ہوگا
جو بوند گری ہے خونِ مسلم کی کہیں
پیدا اس سے نیا مسلماں ہوگا

ج : سیماب اکبرآبادی -

س : ترکی کے کس سلطان نے کشمیری شاعر اشعری کو "آفتاب ہند" اور "افتخار الشعراء" کا خطاب عطا کیا؟

ج : سلطان عبدالمجید -

س : پنڈت پریم ناتھ بزاز پر قاتلانہ حملہ ہوا تھا جس میں وہ زخمی ہوئے بتلایئے کب؟

ج : ۱۰ر اپریل ۱۹۴۷ء -

س : "کسان مزدور کانفرنس" نے کب الحاق پاکستان کی قرارداد پیش کی؟

ج : ۵ر ستمبر ۱۹۴۷ء -

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س: انتہا پسند مسلم دشمن ہندو تنظیم راشٹریہ سیوک سنگھ کا بانی کون تھا؟
ج: کے بی ہیڈ گیوار۔

س: پاکستان اور چین کے درمیان شاہراہ ریشم کے ذریعے تجارت کا معاہدہ کب ہوا؟
ج: ۱۹۶۷ء۔

س: کوٹلی پہلے میرپور کی ایک تحصیل تھی بتائیے اسے ضلع کا درجہ کب دیا گیا؟
ج: ۱۹۷۴ء۔

س: "یگانۂ کشمیر" کس کی تصنیف ہے؟
ج: ڈاکٹر غلام حسین اظہر۔

س: "چائے نامہ" کشمیر کے کس نقشبندی بزرگ کی تصوف کے موضوع پر معروف کتاب ہے؟
ج: خواجہ شاہ نیاز نقشبندیؒ۔

س: کرنل مورکرافٹ نے اپنے سفرنامے میں کس کشمیری بزرگ کو زبردست خراجِ عقیدت پیش کیا ہے؟
ج: حضرت شاہ نیاز نقشبندیؒ۔

س: ڈوگرہ عہد کے نامور فارسی شاعر شعری کاشمیری نے اپنی وفات سے ایک روز قبل خود اپنی تاریخ وفات کہی بتائیے کیا؟
ج: رحمتِ خدا آمد۔ ۱۲۹۸ھ۔

س: پنڈت پریم ناتھ بزاز نے سری نگر سے "وتستہ" نامی اخبار کب جاری کیا؟
ج: ۱۹۳۲ء۔

س: مسٹر کے ایچ خورشید پہلی بار کب آزاد کشمیر کے صدر منتخب ہوئے؟
ج: یکم مئی ۱۹۵۹ء۔

س: کے ایچ خورشید نے لاہور سے کونسا انگریزی ہفت روزہ جاری کیا؟
ج: گارڈین۔

س: "آتش چنار" کس کی خود نوشت سوانح عمری ہے؟
ج: شیخ عبداللہ۔

س: "تصویرِ غم" کس کشمیری شاعر کا مرثیہ ہے؟
ج: غلام احمد فاضل۔

س: شیخ یعقوب صرفی اور بابا داؤد خاکی کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟
ج: خالہ زاد بھائی۔

س: "کشمیر سوشلسٹ پارٹی" کی بنیاد کس نے رکھی؟
ج: پنڈت پریم ناتھ بزاز۔

س: پنڈت پریم ناتھ بزاز کب پیدا ہوئے؟
ج: ۱۹۰۵ء۔

س: پنڈت پریم ناتھ بزاز نے ملازمت کو چھوڑ کر سیاست میں کب قدم رکھا؟
ج: ۱۹۳۰ء۔

س: نیشنل کانفرنس سے دل برداشتہ ارکان نے "کشمیر مزدور کانفرنس" کی بنیاد کب رکھی؟
ج: ۱۹۴۵ء۔

www.SyedAliAhmed.tk

www.AJKOnline.tk

س: "کشمیر سوشلسٹ پارٹی" نے الحاق پاکستان کی قرارداد کب پیش کی؟

ج: ۱۸ ستمبر ۱۹۴۷ء۔

س: کے، ایچ خورشید قیام پاکستان کے بعد کب کشمیر گئے جہاں انہیں گرفتار کر لیا گیا؟

ج: ۳۰ ستمبر ۱۹۴۷ء۔

س: "چناروں کی آگ" کس نوجوان کشمیری شاعرہ کا مجموعہ کلام ہے؟

ج: آمنہ بہار رونا۔

س: کشمیر کے موضوع پر حفیظ جالندھری کی کسی طویل ترین نظم کا نام بتائیں؟

ج: تصویر کشمیر۔

س: ریاست جموں وکشمیر کے شمالی علاقہ جات کا عوامی کھیل کونسا ہے؟

ج: پولو۔

س: اردو اور انگریزی کے نامور ادیب قدرت اللہ شہاب کہاں پیدا ہوئے؟

ج: گلگت۔

س: پنڈت پریم ناتھ بزاز نے "ہمدرد" اخبار کب جاری کیا جس کی وجہ سے کئی بار جیل جانا پڑا؟

ج: ۱۹۳۵ء۔

س: "کشمیر مزدور کانفرنس" کے پہلے صدر کون تھے؟

ج: پنڈت پریم ناتھ بزاز۔

س: "شہید شیروانی" ڈرامے میں پہلی مرتبہ گیت شامل کئے گئے یہ گیت کس نے لکھے؟

ج: مہجور۔

س: مسلم کانفرنس نے الحاق پاکستان کی قرارداد کب پیش کی؟

ج: ۱۹ جولائی ۱۹۴۷ء۔

س: "کشمیری میگزین" لاہور سے نکلا کرتا تھا بتائیے کس کی سرپرستی میں؟

ج: منشی محمد دین فوق۔

